www.youthintlmagazine.com

وزارت اطلاعات ونشریات گورنمنٹ آف پاکستان کی سنٹرل میڈیا لسٹ میں شامل

اردو، انگریزی زبان میں شائع ہونے والا بین الاقوامی تعلقات اور پاکستانیت کے فروغ کا علمبردار نیوز میگزین

مجلة الشباب العالمية في باكستان

ABC CERTIFIED

ایڈیٹر انچیف
محمد صدیق القادری

27 Years
CONTINUE IN WORLD FROM

# ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

## دنیا بھر کے پاکستانیوں کو 69 واں یوم آزادی مبارک ہو

## Special Edition on 14th August 2015







## 14 اگست کے موقع پر اہم شخصیات کے پیغامات



مقصود احمد لطیفی

ڈاکٹر طلعت محمود بٹ چیئرمین پاکستان
ڈاکٹرز فورم ابوظہبی کی خصوصی بات چیت

قبول احمد
چیف ایگزیکٹو قبول برادرز گروپ



دبئی کی پاپولر سوشل پرسنیلٹی
پرائم ٹینکرز ایل ایل سی کے منیجنگ ڈائریکٹر
جگوندر سنگھ برار کا خصوصی انٹرویو

خوش اخلاق، ہر دلعزیز سفارتکار
ڈاکٹر ریاض لانگ
کمیونٹی ویلفیئر قونصلر پاکستان
قونصلیٹ دبئی یو اے ای کا سپیشل انٹرویو




بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ
عالیہ بھٹ کی گفتگو


پیر طارق بادشاہ

یوتھ انٹرنیشنل کے چیف ایگزیکٹو
محمد صدیق حیات کی خصوصی بات چیت

The Youth International Magazine Special Edition on 14th August 2015



14 August
پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے وطن عزیز
پاکستان کو عظیم سے عظیم تر بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے
کار لائینگے اور قائد پاکستان وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی
جرأت مندانہ قیادت میں ملک کی ترقی، خوشحالی، سالمیت اور نظریہ
پاکستان کے تحفظ کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے
چوہدری نور الحسن تنویر
صدر مسلم لیگ (ن) گلف ریجن



14 August
INDEPENDENCE
Day
Salute to the Spirit of
INDEPENDENCE
NLC felicitates the Nation on the auspicious occasion of Independence Day of Pakistan. We express deepest gratitude to our great founding fathers whose unwavering determination and heroic struggle turned the dream of creating a separate homeland for the Muslims of the subcontinent into a reality. NLC is fully committed to play its due role in making Pakistan stronger and prosperous country of the world.
NLC
National Logistics Cell
In step with tomorrow
www.nlc.com.pk
We Serve Pakistan
ISPR


SUFI
GROUP OF COMPANIES
اقوام آزمائشوں کی بھٹی سے کندن بن
کر نکلتی ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ 20 کروڑ
پاکستانیوں کے لئے ایک کڑی آزمائش ہے۔
الحمدللہ!
افواج پاکستان، پیراملٹری فورسز، پولیس اور سویلین کے شہدا کے لہو کے صدقے،
وطن عزیز اس آزمائش میں بھی سرخرو رہا ہے۔
انشاءاللہ!
ایک پُرامن اور خوشحال پاکستان ہماری منزل ہے۔
وہی منزل جو 14 اگست کو ہمارا مقدر بنی تھی۔
ہم اللہ رب العزت سے تائید وحمایت کی دُعا کرتے ہیں
SUFI
SUFI
BANASPATI
SUFI
SOAP
SUFI
Cola
SUFI
Classic
Safon
Head Office: 1-B, Garden Block, Garden Town, Lahore, Pakistan. Tel: 042 111 100 786. Email: info@sufigroup.biz


بینک اسلامی
BankIslami
اس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں
بینک اسلامی اہلِ وطن کو جشنِ آزادی کی مبارکباد پیش کرتا ہے
اور ایمان، اتحاد، تنظیم کے ساتھ آگے بڑھنے کی دعا کرتا ہے۔
317 BRANCHES 93 Cities
آپ کی خدمت، درست انداز میں
BankIslami Pakistan
www.bankislami.com.pk
۲۴ گھنٹے کال کریں
111-ISLAMI (111-475264)






انسداد منشیات ڈویژن وطن عزیز سے منشیات کے خاتمہ کے لئے قوانین کی تشکیل اور ان پر عملدرآمد سے منشیات کے عادی افراد کے علاج و بحالی تک اپنی ہر ممکن کوششیں کر رہا ہے۔ آج یوم آزادی کے موقع پر ہم اپنے اس عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم پاکستانی معاشرے کو منشیات سے پاک بنا کر دم لیں گے۔


**اپنے آپ کو اور اپنے پیاروں کو منشیات کی لعنت سے بچائیں**

PID(I)862/15

**انسدادِ منشیات ڈویژن**

وزارت داخلہ و انسداد منشیات، حکومت پاکستان

Manhattan Communications




پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
14 August
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے وطن عزیز پاکستان کو عظیم سے
عظیم تر بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور ملک کی ترقی
خوشحالی، سالمیت اور نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے
Ch. Nazir Ahmad Jutt
Ex. MNA & Chairman Standing
Committee Labour Manpower Overseas Pakistanis
Chairman Ch. Nazir Group Dist Vihari
Chairman Pakistan Investor Forum
Saudi Arabia
Saudi Arabia Ph: 00966-50-4571422
Pakistan Ph: 0092-333-4259558

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل لاہور

جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 8 ماہ اگست 2015ء

## اس شمارے میں

نمبر شمار — صفحہ





1- پاکستان کا 69واں یوم آزادی مبارک (اداریہ) 9
2- اسلامی تعلیمات (مولانا مقصود احمد قادری کی خصوصی تحریر) 10
3- ایڈیٹر کے نام خطوط 11
4- مضبوط پاکستان کی تعمیر کیلئے پاکستان کو 69واں یوم آزادی مبارک 13
5- آپریشن ضرب عضب کا ایک سال 14
6- آزادی پاکستان خواب سے حقیقت تک 15
7- قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا 19
8- یوم آزادی پر اہم شخصیات کے پیغامات 21
9- پاکستان ایمبیسی ابوظہبی میں جشن آزادی کے حوالے سے تقریب 38
10- پاکستان قونصلیٹ بحرین میں جشن آزادی کی تقریب 39
11- بزم اردو دبئی کے زیر اہتمام محفل مشاعرہ 40
12- بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ عالیہ بھٹ کی گفتگو 41
13- دبئی میں سکھ کمیونٹی کی خوبصورت تقریب کی تصویری جھلکیاں 42
14- یو اے ای میں مختلف تقریبات کی تصویری جھلکیاں 43
15- ڈاکٹر ریاض حسین لانگ کمیونٹی ویلفیئر قونصلر پاکستان قونصلیٹ دبئی کا خصوصی انٹرویو 44
16- پرائم مینگرز ایل ایل سی کے مینجنگ ڈائریکٹر کیپٹن جگوندر سنگھ برار کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو 46
17- بین الاقوامی شہرت یافتہ آئی ٹی سپیشلسٹ ڈاکٹر برزین پی بھروچا کا انٹرویو 48
18- پاکستانی کمیونٹی کی ہردلعزیز شخصیت ڈاکٹر طلعت محمود چیئرمین پاکستان ڈاکٹرز فورم ابوظہبی کی یوتھ انٹرنیشنل سے بات چیت 49
19- ریاست عجمان میں مقیم دینی وسماجی پاکستانی شخصیت محمد عظیم مینجنگ ڈائریکٹر عظیم فرنیچر کی خوبصورت بات چیت 50
20- ہردلعزیز کاروباری شخصیت مقصود احمد لطفی چیف ایگزیکٹو ٹرانس لاجسٹکس گروپ آف کمپنی کراچی کا خصوصی انٹرویو 52
21- اہم شخصیات یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کرتے ہوئے 53
22- لائن گروپ کے سینئر رہنما راجہ امیر الرحمن چیئرمین الوقاص انٹرپرائزز کی بات چیت 55
23- ابوظہبی میں مقیم نامور لیڈنگ پروموٹرز سعید عزیز خان چیئرمین دی فرینڈز انٹرنیشنل گروپ کی یوتھ انٹرنیشنل سے بات چیت 56
24- روحانی شخصیت ہردلعزیز نوجوان پروموٹرز پیر طارق بادشاہ چیئرمین الخیر گروپ آف کمپنیز کا انٹرویو 57
25- ممبر ایگزیکٹو باڈی ہوپ الحاج محمد صدیق حیات چیف ایگزیکٹو المعمورہ انٹرنیشنل کا انٹرویو 58
26- ویگن کی ورزش 69
27- ایک دولہے کا دلچسپ انٹرویو 70
28- میک اپ کیسے کرنا چاہیے 72



## ایڈیٹر انچیف

محمد صدیق القادری

PAK.: +92-364-5115114
+92-321-5533385
UAE: MOB: 00971-50-9933145
E-mail: ms_alqadri@yahoo.com

**ایڈیٹر** مس روبینہ قادری (ایم۔اے جرنلزم)

**سب ایڈیٹرز**

ریحان زبیری، مس ثمینہ، مس نبیلہ، مس مریم
مس روزینہ' عائزہ صدیقی' ڈاکٹر فائزہ

**مجلس مشاورت**

پروفیسر وسیم چوہدری' محمود انصاری' ناصر زیدی' فریحہ فاروقی' سید ماجد علی شاہ
عذرا علیین' جان عالم آفریدی' ڈاکٹر طلعت محمود' شاہد چٹھہ' عزیز غنی
چوہدری ممتاز کاہلوں' رئیس قریشی' ارشاد قریشی' میاں منیر' گلزار حسین

**چیف رپورٹر** محمد توصیف القادری

**فوٹو جرنلسٹ** تنویر القادری

**سرکولیشن** تحسین القادری

**فوٹو گرافرز** تبسم نوید' ساجد محمود' جاوید کسانہ' امانت خاں

**گرافک ڈیزائنر** ایم۔ٹی / صداقت رسول 0344-4466912

## اندرون ملک اعزازی نمائندگان

| | | |
|---|---|---|
| اسلام آباد | فیضان الحق | 0345-5104380 |
| پشاور | سجاد عزیز | 0333-9123151 |
| کراچی | فیصل شیخ | |
| بلوچستان/ کوئٹہ | محمد انور شاہ | 0333-7829766 |
| گجرات | میاں شہباز انصاری | 0300-6253063 |
| ملتان | چوہدری محمد ادریس | 0300-7896196 |
| فیصل آباد | رشید احمد صدیقی | 0300-8854260 |
| مینگورہ/ سوات | شرین زادہ | 0315-5749917 |
| خصوصی نمائندہ بنگش | نجب خان | 0300-4007200 |

## بیرون ملک اعزازی نمائندگان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دبئی | تابش زیدی | بحرین | ساجد بٹ | مکۃ المکرمہ | حسن چانڈیو |
| ابوظہبی | طارق حسین بٹ | کویت | عتیق عدنان | الریاض | خالد جاوید چیمہ |
| شارجہ | غلام عباس | جرمن/ برلن | محمد عارف سلیمی | دمام | چوہدری زین العابدین |
| دوحا/ قطر | اصغر علی قاضی | سعودی عرب | مجیب الحق فریدی | امریکہ | طارق جاوید چیمہ |
| اومان/ مسقط | جاوید نواز | جدہ | یحییٰ اشفاق | یو۔کے | ذیشان مصطفیٰ قادری |
| العین | احمد حسن صابری | | | لیبیا | محمد فاروق |

خصوصی شمارہ پاکستان میں **250** روپے، گلف ممالک 10 درہم یا ریال' یورپ/ امریکہ اور دیگر ممالک میں 5 ڈالر

## سالانہ خریدار

بیرون ممالک مڈل ایسٹ سالانہ 200 درہم/ ریال' یورپ/ امریکہ 150 ڈالر اور پاکستان میں سالانہ خریدار کیلئے مبلغ **2000** روپے کا بنک ڈرافٹ/ کراس چیک
**حبیب بنک کرنٹ اکاؤنٹ نمبر 05950028938103 مین راوی روڈ لاہور پاکستان** میں جمع کروائیں یا
ہیڈ آفس کے ایڈریس پر ارسال کریں۔ E-mail: youth_intlmag@yahoo.com پر اطلاع کریں

## ہیڈ آفس

بالائی منزل **267/A** مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور۔ پاکستان

/ M.Siddique Al Qadri
/ youthintlmagazine.com

Website
www.youthintlmagazine.com

Ph.Fax: 042-37210710, Mob: 0364-5115114, 0321-5533385


پبلشر ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹنگ پریس رائل پارک لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور پاکستان سے شائع کیا ہے

# پاکستان کا 69واں یوم آزادی......آیئے ایک نئے عہد کا آغاز کریں





پاکستانی قوم اس وقت مہنگائی، مفلسی، عدم تحفظ، بیروزگاری، قتل و غارت، دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے ہر پاکستانی نازک ترین حالات سے مایوس ہے نئی نسل روشن مستقبل کے خواب لیے دربدر ہے۔ بیروزگاری کے طوفان نے طلبہ اور نوجوانوں کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے حکمران ہو یا سیاستدان یا مذہبی علماء اکرام، مشائخ عظام سب قوم کے جذبات سے کھیل رہے ہیں خود کو اپنی ذات یا صرف اہل خانہ تک محدود کر لیا ہے جس کی وجہ سے ملک میں لسانیت، فرقہ واریت، انتہاپسندی، دہشت گردی، لاقانونیت عروج پر ہے قائداعظمؒ کے پاکستان نے ہمیں سب کچھ دیا ہے مگر ہم نے بحیثیت پاکستانی پاکستان کو کچھ نہیں دیا اور دھرتی ماں جیسی ہوتی ہے انسان کی پہچان ہوتی ہے اپنی دھرتی سے پیار اور وفا ایمان کا نصف حصہ ہے۔ اگر ملک کی 18 کروڑ عوام دھرتی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے میدان میں نکل آئے پوری ایمانداری، دیانتداری سے دن رات انتھک محنت کرے ملک کے ساتھ ساتھ ان کی بھی تقدیر بدل سکتی ہے۔

آیئے! آج 69ویں یوم آزادی کے موقع پر ہم سب مل کر عہد و پیماں کریں کہ جس طرح ہم 14 اگست 1947ء میں ایک تھے آج بھی اسی جوش و جذبہ کے تحت متحد اور یک جان ہو کر پاکستان کی بقاء، سلامتی، ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں یہ پاکستان ہے ہم سب بلوچی، سندھی، پنجابی، پٹھان، کشمیری، مہاجر اس کی خوبصورت پہچان ہیں ان چار دلکش پھولوں کے گلدستے کی خوشبو سے پاکستان مہک رہا ہے اگر ہم سب باہمی اختلافات، تعصبات، نفرتوں اور تفرقہ بازی، فرقہ واریت کو بھلا کر اور متحد ہو کر بہترین پاکستانی قوم بن جائیں اپنے اتحاد و اتفاق سے پاکستان مخالف دشمن قوتوں کا بھرپور مقابلہ کر کے ان کے خطرناک عزائم کو خاک میں ملا دیں اور ثابت کر دیں ہم ایک تھے ایک رہیں گے تو انشاءاللہ یہ ملک دنیا کا ناقابل تسخیر ترقی یافتہ خوشحال ملک بن جائے گا۔ پاکستان کے 69ویں یوم آزادی پر ہم اپنے ادارے کی طرف سے دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو دل کی تہہ گہرائیوں سے مبارکباد کا ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اس وطن عزیز پاکستان کو تاقیامت قائم و دائم رکھے۔ (آمین)

آپ کا مخلص **محمد صدیق القادری** (ایڈیٹر انچیف)

# عام انسانوں اور مخلوقات کے ساتھ قولاً حسنا



مولانا محمد مقصود احمد چشتی قادری

قبل ازیں عام مسلمانوں کے ساتھ قولاً حسنا کی تفصیل بیان کی گئی اب عام انسانوں کے ساتھ قولاً حسنا کی تفسیر اور تفصیل بیان کی جا رہی ہے حدیث پاک میں ہے۔ حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا ایمان کا افضل درجہ کیا ہے (یعنی ایمان والے اعمال واخلاق میں وہ کون سے ہیں جن کو فضیلت کا اعلیٰ درجہ حاصل ہے) آپ نے ارشاد فرمایا تمہاری محبت اور عداوت اللہ کیلئے ہو اور تمہاری زبان اللہ کے ذکر میں ہو۔ معاذ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا اس کے علاوہ اور کیا یا رسول اللہ ﷺ تو آپ نے فرمایا تم سب لوگوں کیلئے وہی چاہو جو اپنے لیے چاہتے ہیں اور لوگوں کیلئے اس چیز کو ناپسند کرو جس کو اپنے لیے ناپسند کرتے ہو۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عام انسانوں کے ساتھ اس حد تک خیر خواہی کرو کہ جو چیز اپنے لیے پسند کرے وہی دوسرے کیلئے پسند کرے اور جو چیز اپنے لیے ناپسند ہو وہی دوسرے کیلئے بھی ناپسند ہو۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے اور ایک مومن کا بھائی ہے اسکے ضرر کو اس سے دفع کرتا ہے اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتا ہے۔ آئینہ کا یہ کام ہے کہ وہ دیکھنے والے کو اس کے چہرے کا ہر داغ دھبہ اور ہر بدنما نشان دکھا دیتا ہے اور صرف اسی کو دکھاتا ہے دوسروں کو نہیں دکھاتا۔ ایک مومن کے دوسرے مومن کیلئے آئینہ ہونے کا مطلب بھی یہی ہے کہ اس کو چاہیے کہ دوسرے بھائی میں جو نامناسب اور قابل اصلاح بات دیکھے وہ پورے خلوص اور خیر خواہی کے ساتھ اس پر مطلع کر دے اور دوسروں میں اس کی تشہیر نہ کرے۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اس دینی اخوت کے ناطے اور رشتہ کی وجہ سے اس پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اگر اس کے مسلمان بھائی پر کوئی آفت اور تباہی آنے والی ہو تو وہ اپنی بساط اور طاقت کے مطابق اسے روکے اور اس مسلمان بھائی کو اس کی زد سے بچانے کی کوشش کرے اور جس طرح انسان اپنی کسی عزیز ترین چیز کی ہر طرف سے حفاظت کرتا ہے اسی طرح اپنے دینی بھائی کی بھی حفاظت اور نگرانی کرے۔

حضرت اسماء بنت یزید سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس بندے نے اپنے کسی مسلم بھائی کے خلاف کی جانیوالی غیبت اور بدگوئی کی اس کی عدم موجودگی میں مدافعت اور جوابدہی کی تو اللہ تعالی کے ذمہ ہے کہ آتش دوزخ سے اس کو آزادی بخش دے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اس لیے نہ تو خود اس پر ظلم وزیادتی کرے اور نہ دوسروں کا نشانہ ظلم بننے کیلئے اس کو بے مدد چھوڑے (یعنی دوسروں کے ظلم تے بچانے کیلئے اس کی مدد کرے) اور اگر کوئی ضرورت مند بھائی کی حاجت پوری کرے گا اللہ تعالی اس کی حاجت پوری کرے گا اور جو کوئی مسلمان کو کسی تکلیف سے نجات دلائے گا اللہ تعالی اس کو قیامت کے دن اس کی عیب پوشی فرمائیں گے۔

حضرت معاذ بن انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی بددین منافق کے شر سے بندہ مومن کی حمایت کی مدافعت کی تو اللہ تعالی قیامت میں ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا جو اس کے جسم کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا اور جس کسی نے کسی مسلمان بندے کو بدنام کرنے یا اور گرانے کیلئے اس پر کوئی الزام لگایا تو اللہ تعالی اس کو جہنم کے پل پر قید کر دے گا اس وقت تک کیلئے کہ وہ اپنے الزام کی گندگی سے پاک صاف ہو جائے۔ (سنن ابوداؤد)

☆☆☆





# ایڈیٹر انچیف کے نام خطوط

**نوٹ** ایڈیٹر انچیف کا خطوط نویس کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

خطوط نویسوں سے گزارش ہے کہ خطوط واضح اور خوشخط کاغذ پر ایک طرف لکھیں، خطوط اجتماعی اور عمومی مفاد کے موضوع پر ہونے چاہیے

پتہ: 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور فیکس: 042-37210710 E-mail: youth_intlmag@yahoo.com

## پردیسیوں کے نام

ہر روز کئی پاکستانی بیرون ملک سفر کرتے ہیں ان میں سے کوئی ضرورت تو کوئی خواہش کے تحت سفر کرتا ہے کچھ حصول رزق کے لیے تو کچھ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جاتے ہیں ہم پاکستان میں رہتے ہوئے اپنی دھرتی کی اہمیت سے واقف نہیں ہوتے مگر جب ہم اپنا ملک چھوڑ کر جاتے ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے تب ہمیں اپنے ملک کا رہن سہن زبان سب کی بہت یاد آتی ہے۔ حال ہی میں عید کے موقع پر دیکھا گیا کہ کئی پردیس میں رہنے والے پاکستانی اپنے اہل خانہ سے بات کرتے ہوئے اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے وہ نوجوان جو صرف عیش و آرام کی زندگی کو دیکھتے ہوئے اپنے ملک کو چھوڑ کر جاتے ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنے پیاروں کو چھوڑ کر نہ جائیں آپ پاکستان میں رہ کر بھی ترقی کی منازل طے کر سکتے ہیں اور ایک پیغام پاکستان کے نوجوانوں کے نام کہ بیشک اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جائیں لیکن بعد میں اپنے ملک میں رہ کر اس کی خدمت کریں اور اپنے والدین کو تنہا چھوڑ کر بیرون ملک مقیم نہ ہو جائیں۔ (عاصمہ راشد/ راولپنڈی)

## ہمسائیوں کے حقوق

ہمسائیوں کی صرف دینی اعتبار سے ہی نہیں بلکہ اخلاقی اور معاشرتی اعتبار سے بھی بڑی اہمیت ہے پڑوسی ایک دوسرے کے دکھ سکھ اور رنج و راحت کے دائمی رفیق اور ساتھی ہوتے ہیں وہ مشکلات میں اس وقت ساتھ دیتے ہیں جب رشتہ داروں کو بھی خبر نہیں ہو پاتی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے پڑوسی کے حقوق کی ادائیگی کی مجھے اتنی تاکید کی مجھے گمان ہونے لگا کہ شاید ایک ہمسایہ کو دوسرے ہمسایہ کے مال وراثت میں بھی شریک کر دیا جائے گا لیکن آج نفسا نفسی کے اس دور میں صورتحال یہ ہے کہ ہمسایوں کو ایک دوسرے کی کوئی خبر نہیں۔ لوگ مصیبت میں ایک دوسرے کی مدد کرنا تو دور کی بات ایک دوسرے کو اپنی خوشیوں میں بھی شریک نہیں کرنا چاہتے جبکہ ہمارا تعلق ایسے دین سے ہے کہ جس میں حقوق العباد کو سب سے زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ انسانیت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اپنے اردگرد کے افراد کی خبر گیری کی جائے اور ضرورت پڑنے پر مدد سے بھی ہاتھ نہ کھینچا جائے۔ (ملیحہ طاہر/ کراچی)

## تعلیمی سہولتوں کا فقدان


اس حقیقت کے اعتراف میں کوئی امر مانع نہیں کہ موجودہ حکومت تعلیمی ماحول کو بے مثال بنانے میں مصروف عمل ہے بہت سے علاقوں میں تعلیمی سربلندی کا بام عروج کو چھونا اور ذہین طلباء کی حوصلہ افزائی کرنا عملی کامیابی کا پیش خیمہ ضرور ہے مگر اس جدوجہد اور پسندی کے روشن دعوؤں کے باوجود پسماندہ علاقوں میں فروغ تعلیم کی عدم توجہی اور احساس محرومی کے متعلق حکام بالا سے شکوہ ہمارا بنیادی حق ہے آج بھی حصول تعلیم کے مساوی حقوق و اسباب کے حوالہ سے صنعتی و ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقوں کے درمیان امتیازی سلوک نظر آ رہا ہے جس کی واضح ترین مثال پسماندہ علاقے کے ایک گاؤں کی ہے جس کی آبادی مردم شماری کے مطابق پانچ ہزار کے قریب ہے اور اس قدر آبادی کے باوجود بچیوں کی تعلیم کیلئے ایک بھی پرائمری سکول موجود نہ ہونا قابل تعجب ہے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے علاقوں کا فی الفور سروے کر کے گرلز اینڈ بوائز سکولوں کا مزید قیام عمل میں لایا جائے۔ (عبدالخالق/ ملتان)

## چالانوں کی بھرمار

مکرمی! میں آپ کے میگزین کی وساطت سے وزیر اعلیٰ پنجاب کی توجہ اس جانب مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ ناجائز چالانوں کی بھرمار ہو چکی ہے لوڈر گاڑی کا کوئی چکر چالان کے بغیر نہیں ہوتا چاہے آپ قانون کو توڑیں یا نہ توڑیں جس کا ثبوت گورنمنٹ کو کروڑوں روپے ان ظالمانہ چالانوں سے ملتے ہیں اور اس کا سب سے زیادہ شکار لوڈر گاڑیاں ہی ہوتی ہیں۔ جب سے جرمانوں کی شرح کو ڈبل کیا گیا ہے ڈرائیوروں سے کہا جاتا ہے کہ اتنے پیسے دو نہیں تو بھاری جرمانے والی دفعہ لگا دیں گے۔ ایک ہفتے میں روزانہ لاہور جانیوالی گاڑی (لوڈر گاڑی) پندرہ سے دو ہزار تک صرف جرمانوں کی مد میں دیتی ہے جبکہ رشوت کی رقم اس کے علاوہ ہے۔ اب میڈیا کے ذریعے معلوم ہوا ہے کہ جرمانوں کا پندرہ فیصد جرمانہ کرنے والے آفیسرز کی جیب میں جائے گا۔ جناب عالی یہ تو پہلے ہی بہتی گنگا میں ہاتھ دھو رہے ہیں اور غریب ٹرانسپورٹرز کا خون چوس رہے ہیں جب ان کو یہ اختیار مل گیا تو یہ تو ان کے بچوں کو بھی کھا جائیں گے میری وزیر اعلیٰ پنجاب سے گزارش ہے کہ آئی جی پنجاب کو ہدایات کی جائیں کہ اس کو خفیہ طور پر چیک کیا جائے اور ناجائز چالانوں کو ختم کیا جائے۔ (چوہدری شفقت محمود/ شیخوپورہ)

## پانی چوری روکی جائے

مکرمی! آپ کے میگزین کے توسط سے حکام بالا تک یہ بات پہنچانا چاہتا ہوں ضلع اوکاڑہ کی تحصیل دیپالپور کا علاقہ ہے گاؤں کا نام موضع گلابہ کوئیکے ہے۔ یہ بصیر پور سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے یہاں ایک نہر ہے جس سے راجباہ نکلتا ہے یعنی چھوٹی نہر بڑی نہر سے نکل کر موضع گلابہ سے ہوتی ہوئی آگے بہت سارا علاقہ سیراب کرتی ہے لیکن عرصہ دراز سے موضع گلابہ کے بااثر افراد اس نہر کا پانی شام ہوتے ہی بند کر لیتے ہیں وہ توڑے مٹی کے بھر کر بند بنا کر آگے ایک قطرہ پانی نہیں جانے دیتے جبکہ ہزار مرتبہ شکایات کی گئی ہیں پولیس کو ساتھ لے جا کر اہل علاقہ وہ پانی کھلواتے ہیں اہل علاقہ کا مطالبہ ہے کہ پانی چوری روکی جائے اور پانی چوروں کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ (حافظ مدثر/ اوکاڑہ)


A STAR ALLIANCE MEMBER
TURKISH AIRLINES CELEBRATES
THE INDEPENDENCE DAY OF PAKISTAN
WITH DAILY FLIGHTS FROM
KARACHI / LAHORE / ISLAMABAD
TURKISHAIRLINES.COM | 0080-9003-3020
WIDEN YOUR WORLD
TURKISH AIRLINES



# مضبوط پاکستان کی تعمیر کیلئے پاکستان کو اپنا 69 واں یومِ آزادی مبارک



ایڈیٹر انچیف
محمد صدیق القادری کے قلم سے

برصغیر ہندوستان بیشمار انسانی گروہوں اور اقوام کا مسکن رہا ہے مگر ان میں سے بیشتر ایک دوسرے میں ایسے مدغم ہوتے چلے گئے کہ آج انہیں انفرادی طور پر کوئی نہیں جانتا۔ مسلمان جب ۷۱۲ء میں ہندوستان آئے تو اسی وقت ایک منفرد مسلم قوم وجود میں آ گئی تھی۔ جس کی بنیاد اسلامی نظریہ حیات تھا۔ قائداعظم محمد علی جناح نے بجا طور پر فرمایا تھا کہ ''برصغیر ہندوستان میں پاکستان اس وقت وجود میں آ گیا تھا جب یہاں پہلا غیر مسلم مسلمان ہوا''

جیسا کہ ہم جانتے ہیں برصغیر ہندوستان مسلم راج کے عظیم الشان ادوار کا شاہد ہے مسلم بادشاہتیں مسلمانوں کے مذہب اور تہذیب وثقافت کی محافظ اور امین تھیں۔ برسہا برس ہندوؤں کے ساتھ رہنے کے باوجود مسلم تشخص اپنی جگہ برقرار رہا اور ہندو مسلم دو قوموں کی حیثیت سے آگے بڑھتے رہے۔ مگر جب برطانیہ ۱۸۵۸ء میں ہندوستان کو اپنی نوآبادی کے حیثیت سے اپنی سلطنت میں شامل کیا تو ہندوستان کو ایک قوم گردانا اور ایک قومی ریاست کی حیثیت سے اس پر حکمرانی کا آغاز کیا۔ اس نے ہندوستانی معاشرے میں ایک افراتفری کی صورت پیدا کر دی۔ برطانوی ہند کے تحت ہندوستان کے لیے بننے والا قانون وقف علی الاولاد اس کی بڑی مثال ہے۔ یہ قائداعظم محمد علی جناح کی فہم وفراست تھی جنہوں نے ہندوستان کی پارلیمنٹ کے ذریعے مسلمانوں کو اسلامی قانون کے ذریعے اپنی جائیداد وقف کرنے کا حق دلوایا۔ برصغیر جسے ایک ملک کہا گیا کبھی ایک قوم نہیں رہا۔ بلکہ یہاں مسلمان اور ہندو دو قومیں صدیوں سے آباد تھیں یہی دوقومی نظریہ نظریہ پاکستان کی بنیاد بنا جو اسلام کے منفرد نظام زندگی پر محیط ہے۔

ہندوستان میں جمہوری اداروں کے قیام اور انتخابات کے ذریعے چناؤ نے مسلمانوں کے لیے پریشان کن حالات پیدا کر دیئے۔ مسلمان جو ہندوؤں کے حکمران تھے تعداد میں ہندوؤں سے بہت کم تھے۔

چنانچہ سیاسی اور اعلیٰ انتظامی اداروں میں عہدیداروں کا چناؤ اگر عددی اعتبار سے کیا جاتا رہتا تو مسلمان سراسر خسارے میں تھے۔ یہی وجہ تھی کہ مسلمانوں نے اپنے لیے جداگانہ نمائندگی کا مطالبہ برطانوی حکومت سے منوایا۔ جسے قائداعظم محمد علی جناح نے کانگریس سے ۱۹۱۶ء کے لکھنو پیکٹ میں بھی منوالیا۔ ان تمام مراحل میں جو بات اہم تھی وہ یہ تھی کہ مسلمان ایک علیحدہ قوم ہیں اور ان کا اپنا ایک علیحدہ نظریہ حیات ہے۔

آل انڈیا مسلم لیگ قائداعظم کی قیادت میں اسی نظریہ پاکستان کی بنیاد پر ہندوستان کے آئینی ڈھانچے میں مسلمانوں کو ہندوؤں کے مساوی حقوق دلوانے کی کوششیں کرتی رہی مگر جب ان میں ناکام ہوئی تو لیگ بجا طور پر ہندوستان میں ایک علیحدہ مسلم ریاست قائم کرنے کی کوششیں تیز کر دیں۔

قرارداد لاہور جو نظریہ پاکستان کی بنیاد پر تیار کی گئی تھی اسے اگرچہ قائداعظم اور سکندر حیات نے قلمبند کیا تھا مگر اس کا تصور اور بھی بہت لوگوں نے پیش کیا جن میں سر سید احمد خان، جمال الدین افغانی، خیری برادرز علامہ اقبال اور چوہدری رحمت علی وغیرہ شامل ہیں۔ مگر یہ بات اہم ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کے لیے علیحدہ ریاست کا مطالبہ منظم انداز میں ایک سیاسی جماعت کے پلیٹ فارم سے پہلی مرتبہ آل انڈیا مسلم لیگ نے پیش کیا۔ علامہ اقبال نے ۱۹۳۰ء میں اپنے خطبہ الہ آباد میں مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے مسلمانوں کے لیے ہندوستان میں ایک علیحدہ صوبہ بنان کا مطالبہ پیش کیا تھا۔ بعدازاں آل انڈیا مسلم لیگ نے اپنے تاریخی اجلاس میں جو مارچ ۱۹۴۰ء میں لاہور میں منعقد ہوا برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ہندوستان میں ایک علیحدہ ریاست کا واضح مطالبہ پیش کر دیا جو قرارداد لاہور یا قرارداد پاکستان کے نام سے مشہور ہے۔

مسلم لیگ کے اس تاریخی اجلاس میں ہندوستان بھر سے ممتاز مسلم لیگی رہنماؤں نے شرکت کی جن میں خواتین کی بھی بڑی تعداد شامل تھی۔

قائداعظم نے اس اجلاس میں فی البدیہہ تقریر کی جس میں انہوں نے اعلان کیا کہ ہندو اور مسلمان کا تعلق دو مختلف مذاہب، فلسفوں، سماجی روایات اور ادب سے ہے۔ زندگی کے ہر پہلو پر وہ مختلف ہیں وہ آپس میں نہ شادیاں کرتے ہیں نہ ساتھ کھانا کھاتے ہیں۔ چنانچہ ان دو اقوام کو ایک ریاست کے تحت اکٹھا کرنا اس طرح کہ ایک عددی اعتبار سے اکثریت (باقی صفحہ نمبر 75 پر)





# آپریشن ضربِ عضب کا ایک سال......


خصوصی رپورٹ

آپریشن ضرب عضب کا ایک سال مکمل ہونے پر جاری کیے گئے پیغام میں وزیراعظم میاں نواز شریف نے اس آپریشن پر قوم اور خصوصاً پاکستانی فوج کو مبارک باد دی۔ بیان میں وزیراعظم کی جانب سے کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کی جانے والی ان کارروائیوں کے دوران اپنی جانوں کی قربانی دینے والوں کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہی قربانیوں کی وجہ سے پاکستان دہشت گردی کے خاتمے میں کامیاب رہا اور ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکا۔ وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم ان لوگوں سے اظہارِ یکجہتی کرتی ہے جو اس خطرناک محاذ پر لڑ کر قوم کے بہتر مستقبل کے لیے اپنا حال قربان کر رہے ہیں۔ ادھر ملک کے وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آپریشن ضرب عضب حتمی مراحل میں داخل ہو گیا ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ گذشتہ ایک سال کے دوران دہشت گردوں کے خلاف متعدد اہم کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں۔ ایک برس کے دوران کارروائیوں میں 2763 شدت پسند مارے گئے ہیں جبکہ ساڑھے تین سو کے قریب فوجی افسر اور جوان بھی شہید ہوئے ہیں خیال رہے کہ پاکستانی فوج کی جانب سے شمالی وزیرستان میں گذشتہ برس 15 جون کو شدت پسندوں کے خلاف ضربِ عضب کے نام سے کارروائی کا آغاز کیا گیا تھا۔ پاکستانی فوج نے اس آپریشن کے بارے میں اعداد و شمار جاری کیے ہیں جن کے مطابق ایک برس کے دوران کارروائیوں میں 2763 شدت پسند مارے گئے ہیں جبکہ ساڑھے تین سو کے قریب فوجی افسر اور جوان بھی شہید ہوئے ہیں۔ حال ہی میں بّری فوج کے سربراہ جنرل راحیل شریف نے کہا تھا کہ یہ آپریشن کامیاب رہا ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ قبائلی علاقوں کے بعد شہری علاقوں میں شدت پسندوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل عاصم باجوہ کی جانب سے سینیچر کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں جاری کارروائیوں کے دوران بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ بیان کے مطابق سکیورٹی فورسز نے 9000 خفیہ اطلاعات پر کارروائیوں میں شہری علاقوں میں موجود 218 دہشت گردوں کو ہلاک کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شمالی وزیرستان میں کارروائیوں کے دوران مختلف نوعیت کے 18087 ہتھیار اور 253 ٹن دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کا مواصلاتی نظام بھی تباہ کر دیا گیا ہے۔ میجر جنرل عاصم باجوہ کے مطابق دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم اور فوج شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اس جنگ میں میڈیا اور سول سوسائٹی بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ بیان میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ آپریشن ضرب عضب کی وجہ سے ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور اسی وجہ سے چینی صدر کا دورہ پاکستان اور پاکستان زمبابوے کرکٹ سیریز ممکن ہوئی۔ بی بی سی کے نامہ نگار کے مطابق آپریشن ضرب عضب کی وجہ سے ملک میں عمومی طور پر سکیورٹی کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور بڑے بڑے حملوں میں بھی کمی دیکھی گئی ہے تاہم سکیورٹی اہلکاروں کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس آپریشن کے نتیجے میں پاکستانی طالبان کی 'امارت' سمجھے جانے والے علاقے شمالی وزیرستان کو تو شدت پسندوں سے خالی



کروا لیا گیا ہے تاہم بیشتر طالبان تنظیموں کی قیادت بدستور محفوظ ہے۔ شمالی وزیرستان کے دو اہم علاقے اور تجارتی مراکز میر علی اور میران شاہ میں آپریشن ضرب عضب کے دوران بڑی بڑی کارروائیاں کی گئیں جس کی وجہ سے ان علاقوں سے سو فیصد نقل مکانی ہوئی تھی تاہم اب واپسی کا عمل سپین وام تحصیل سے شروع کیا گیا ہے جہاں مقامی افراد کے مطابق باقاعدہ آپریشن نہیں ہوا تھا جس پر بعض متاثرین کی جانب سے شکوک و شبہات کا اظہار بھی کیا جا رہا ہے۔ زیادہ تر متاثرین کا موقف ہے کہ حکومت کو پہلے ان علاقوں کے افراد کو بھیج دینا چاہیے تھا جہاں سے سو فیصد نقل مکانی ہو چکی ہے جن میں میر علی، میران شاہ اور دتہ خیل کے چند مقامات شامل ہیں۔ تاہم اس کے باوجود شمالی وزیرستان کے بے گھر افراد واپسی کے عمل کا آغاز ہو جانے پر انتہائی خوش نظر آ رہے ہیں۔ ☆☆





# آزادی پاکستان خواب سے حقیقت تک



تحریر: قبول احمد

بادشاہی مسجد کے جلو میں کھڑا یہ پر شکوہ مینار جو سنگ مرمر، کنکریٹ، پتھر سے بنی ایک عمارت ہی نہیں بلکہ برصغیر کے پندرہ کروڑ مسلمانوں کی تحریک، جدوجہد اور نظریہ کی علامت ہے۔ یہ وہی مقام ہے جہاں آج سے ستر سال قبل محمد علی جناح نے اپنے ساتھیوں سے مل کر ایک علیحدہ وطن پاکستان کا نظریہ پیش کیا تھا۔ یہ الگ ریاست کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

اس کا جواب بھی اظہر من الشمس ہے مسلمان اپنی ایک جداگانہ شناخت اور زندگی کے ہر شعبے میں اپنا مخصوص نظریہ رکھتے ہیں۔ مسلمانوں کی شناخت ہر لحاظ سے مذہب سے جڑی ہوئی ہے وہ اس نصب العین کے ساتھ آزاد اور خود مختار زندگی گزارنا چاہتے تھے جو ہندو یا انگریز کی غلامی میں رہ کر کسی طور ممکن نہ تھا۔ ہر فاتح قوم کی طرح انگریز نے بھی جب برصغیر کے مسند اقتدار پر قدم رکھا تو اس نے یہاں کی عوام کے ساتھ وہی سلوک روا رکھا جو ایک مغلوب قوم کے ساتھ روا رکھا جاتا ہے۔ ہر طرف افراتفری کا سماں تھا لوٹ کھسوٹ اپنے عروج پر تھی کسی کی جان و مال عزت و آبرو محفوظ نہ تھی۔ قابض حکومت نے عوام پر ٹیکس کا بے تحاشا بوجھ لا دیا تاکہ یہاں کی صنعت و حرفت تباہ ہو جائے اور عوام برطانوی مصنوعات خریدنے پر مجبور ہو جائیں جگہ جگہ عیسائی مشنری نے ہندوؤں اور مسلمانوں کو زور زبردستہ عیسائیت قبول کرنے پر مجبور کر دیا جس کے لیے انہوں نے ہر قسم کے ظلم و لالچ کا استعمال کیا۔

مسلمانوں کو سب سے زیادہ نقصان ذریعہ تعلیم کی تبدیلی سے ہوا۔ انگریزوں نے صدیوں سے رائج سرکاری زبان فارسی کو ختم کر کے انگریزی زبان رائج کر دی جس سے مسلمان یکسر نابلد تھے یوں وہ تعلیمی لحاظ سے بہت پیچھے چلے گئے لیکن بات یہی پر نہیں ختم ہوئی۔

انگریز سرکار نے غلام قوم کی روح پر ایک اور تازیانہ لگایا جب اس نے جنوری 1957ء کو ہندوستانی فوج کے استعمال کے لیے نئے قسم کے کارتوس متعارف کرائے جسے بندوق کی نالی میں ڈالنے سے پہلے دانتوں سے اس کی ٹوپی اتارنی پڑتی تھی اس کارتوسوں کے بارے میں معلوم ہوا کہ اس پر گائے اور سور کی چربی چڑھی ہوتی ہے گائے ہندوؤں کے لیے متبرک جبکہ سور مسلمانوں کے لیے حرام جانور ہے۔ جب میرٹھ میں سپاہیوں سے اس کے استعمال کو کہا گیا تو انہوں نے بالکل انکار کر دیا۔ انگریزوں نے اسے سرکار بغاوت کا جرم مانا اور فوجیوں کو سخت سزائیں دی جانے لگیں۔ اس بات نے دونوں قوموں کے فوجیوں میں نفرت اور غصے کی آگ بھڑکا دی۔ جنگ آزادی شروع ہوئی تو ہزاروں مجاہدین نے بیش بہا مالی و جانی قربانی پیش کی۔ انگریزوں نے اسے غدر قرار دیا لیکن محکوم قوم کے لیے یہ آزادی کی جنگ تھی۔ ہندوستان کی آزادی کی اس کوشش میں ان باغیوں نے دہلی کا رخ کیا اور وہاں موجود انگریز افسروں کو قتل کر کے کمپنی بہادر کی حکومت کے خاتمے اور مغل سلطنت کے آخری تاجدار کو اپنا حکمران تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا۔ انجام کار بغاوت کچل دی گئی لیکن ہندوؤں سے کوئی باز پرس نہ کی گئی سارا الزام مسلمانوں کے سر آ گیا۔ ان کی املاک ضبط کر لی گئی مسجدیں اور سکول نذر آتش کر دیئے گئے سرکاری ملازمتوں کے دروازے ان پر بند کر دیئے گئے سینکڑوں علمائے کرام کو پھانسی کی سزائیں دی گئیں اور ہزاروں مسلمانوں کو گرفتار کر کے کالا پانی بھیج دیا گیا۔



1857ء کی جنگ آزادی کے بعد مسلمان سیاسی، معاشی و اقتصادی اور معاشرتی زوال کا شکار تھے وہ مایوسی کے اندھیروں میں بھٹک رہے تھے کہ سر سید احمد خان نے مسلمانوں کو متحرک اور بیدار کرنے کا فریضہ سنبھالا۔ انہوں نے حالات کا جائزہ لیا۔ بدلتی دنیا پر نظر ڈالتے ہوئے وہ محسوس کر رہے تھے مسلمان اس وقت جہالت کے اندھیروں میں ڈوبے ہوئے ہیں جب تک مسلمان جدید علوم حاصل نہیں کریں گے اس وقت تک وہ انگریزوں سے اپنی آزادی نہیں چھین سکتے۔ سر سید نے اسباب بغاوت ہند کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں انہوں نے وہ اسباب تحریر کیے جو اس بغاوت کا سبب بنے انہوں نے انگریزوں کی کوتاہیوں اور خامیوں پر بھی لکھا جن کی بنا پر دونوں قومیں ایک دوسرے سے بدظن ہوئی تھیں اسباب بغاوت کی اشاعت سے انگریزوں کا دل مسلمانوں سے بڑی حد تک صاف ہو گیا۔ سر سید ساری عمر اپنی تحریروں سے مسلمانوں کو صحیح سمت رہنمائی کرتے رہے انہوں نے مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم کے میدان میں آگے بڑھیں اور انگریزی تعلیم حاصل کریں۔

(باقی صفحہ نمبر 75 پر)

UBL

*where **you** come **first***




# where
# Pakistan
# comes first

یو بی ایل نے پاکستان کی خدمت کو ہمیشہ اپنا فخر اور عزم تصور کیا ہے۔
آج اس پُرمسرت موقع پر ہر پاکستانی کو 69 واں یوم آزادی مبارک!

United Bank Limited

111-825-888 www.ubldirect.com

BE DDB


14 August
پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
بحرین میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو ہماری
طرف سے جشن آزادی مبارک ہو اللہ
تعالیٰ ہمارے پیارے وطن پاکستان کو ہمیشہ
قائم و دائم رکھے (آمین)
صدر و عہدیداران پاکستان کلب منامہ
سٹیٹ آف بحرین
Zahid Shaikh
President


پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
14 August
مسقط میں مقیم پاکستانیوں اور اہل وطن کو یوم آزادی کی ڈھیروں خوشیاں مبارک
ہوں ہم سب دعا گو ہیں کہ ہمارا پیارا ملک پاکستان دن دگنی اور رات چوگنی ترقی و
خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو اور ہمارے ملک کا پرچم یونہی لہراتا رہے۔ (آمین)
پاکستان سوشل
کلب مسقط
سلطنت آف عمان
میاں اشفاق چیئرمین
محمد سعید خان وائس چیئرمین
ایس۔اے۔ایس۔بخاری
جنرل سیکرٹری


# سیالکوٹ میں پروٹیکٹر آفس بنایا جائے: میاں شمس

## سیالکوٹ کے ہر دلعزیز پروموٹر، میاں شمس انٹر پرائزز کے منیجنگ ڈائریکٹر میاں شمس کی یوتھ انٹرنیشنل سے بات چیت



میاں شمس کا شمار سیالکوٹ میں اچھی شہرت رکھنے والے لیڈنگ پروموٹروں میں ہوتا ہے بڑے اچھے اخلاق وصفات کے مالک ہیں جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہو کر مین پاور ایکسپورٹ کے بزنس میں آئے ہیں گزشتہ 15 سال سے ٹریولنگ اور مین پاور ایکسپورٹ کے بزنس سے وابستہ ہیں ہزاروں لوگوں کو سعودی عرب میں قانونی ذرائع سے ملازمتوں پر بھجوا چکے ہیں۔ میاں شمس منیجنگ ڈائریکٹر ہیں میاں شمس انٹر پرائزز کے' آپ پروموٹرز کمیونٹی کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں سوشل کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

ایک انٹرویو میں سیالکوٹ کے پروموٹرز کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے میاں شمس نے کہا سیالکوٹ میں ایک سو سے زائد اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کام کر رہے ہیں انڈسٹریل سٹی ہونے کی بناء پر سیالکوٹ سے بہت زیادہ لیبر بیرون ملک جا رہی ہے۔ پروٹیکٹر آفس' اعتماد آفس' میڈیکل سنٹرز سیالکوٹ میں نہ ہونے سے بیرون ملک جانیوالوں اور بھجوانے والوں کو بہت مشکلات کا سامنا ہے موجودہ حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کے بہترین مفاد میں پروٹیکٹر آفس سیالکوٹ میں کھولے جی سی سی میڈیکل سنٹر اور اعتماد کے دفاتر کھولنے سے سیالکوٹ کے پروموٹرز اور بیرون ملک جانیوالوں کو بہت سہولت ملے گی جس سے مین پاور ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا گورنمنٹ کے ریونیو اور زرمبادلہ میں بھرپور اضافہ ہوگا۔ اس لیے ہمارا مطالبہ ہے کہ سیالکوٹ میں پروٹیکٹر آفس کھولا جائے۔




Mian Shamas
Managing Director


سعودی عرب' یو اے ای' سلطنت آف عمان' کویت' بحرین' لیبیا' میں ہنر مند افرادی قوت بھجوانے کا قابل اعتماد ادارہ

Mian Shamas Enterprises

Overseas Employment Promoters **Lic # MPD/2281/LHR/PAK**

Office # 1-2 Kashmir Center Kutchery Road Sialkot-31510
Pakistan Tel:+92-52-4268780 Fax:+92-52-4268781
Mob:+92-300-9611824/333-8642986
Email:mseoep@cyber.net.pk, Info@mianshamasent.com
Web:www.mianshamasent.com

# قائداعظم محمد علی جناحؒ نے فرمایا......





ہندوستانی مسلمان: اس موقع پر ہمیں ان بھائیوں اور بہنوں کو بھولنا نہیں چاہئے جنہوں نے سب کچھ صرف اس لئے قربان کر دیا ہے کہ کسی طرح پاکستان قائم ہو جائے اور ہم لوگ زندہ رہیں۔ ہمارے وہ تمام بھائی جو ہندوستان میں بصورت اقلیت ہیں ان کو یقین رکھنا چاہئے کہ ہم لوگ ان کو نہ تو کبھی نظرانداز کر سکتے ہیں اور نہ بھول سکتے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ وہ برعظیم کے مسلم اقلیت کے صوبے ہی تھے اور ان صوبوں کے مسلمان تھے جو ہمارے محبوب نصب العین پاکستان کے قیام کی جدوجہد میں پیش پیش اور اس کے علمبردار تھے میں ان کی حمایت و تائید کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا اور کبھی فراموش نہیں کرونگا۔ مجھے امید ہے کہ مسلم اکثریت کے صوبے بھی جو آج پاکستان میں ہیں اس حقیقت کو محسوس کرنے اور اس کی قدرومنزلت کو پہچاننے سے قاصر نہیں رہیں گے کہ قیام پاکستان کی ہماری تاریخی بہادرانہ جدوجہد میں وہی پیش پیش تھے اور وہی ہراول دستے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

(پیغام عید 18 اگست 1947ء)




HAPPY NATIONAL DAY PAKISTAN
رابطہ عالم اسلامی وانٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن
سعودی عرب کی طرف سے پاکستانی بھائیوں کو
یوم آزادی مبارک ہو
سیکرٹری جنرل آئی آئی آر او
شیخ احسان صالح سراج طیب
ڈائریکٹر جنرل رابطہ عالم اسلامی آئی آئی آر او
ڈاکٹر عبدہ بن محمد عتیین
GULF MEDICAL CENTER
INT'L ISLAMIC RELIEF ORG. THE KINGDOM OF SAUDI ARABIA
A Project of IIRO
گلف میڈیکل سنٹر
خدمت دیانت داری کے ساتھ
55-اے۔اے بلاک بالمقابل عرشی مسجد ایران روڈ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی۔فون نمبر:051-8313601 - 051-4424569



# پاکستان کے 69 ویں یوم آزادی پر مختلف شخصیات کے پیغامات





## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر جناب ممنون حسین کا پیغام

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر جناب ممنون حسین نے 69ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہم آج کے اس پر مسرت اور تاریخ ساز دن پر تمام اہل وطن کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 14 اگست کا دن پاکستان کے لئے ایک تاریخ ساز جدوجہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لیے ایک الگ وطن حاصل کیا۔پاکستان کے حصول کے لئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ پاکستان حاصل کیا گیا کہ ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کرسکیں۔ہمیں اپنے یوم آزادی پر اس بات کا عہد کرنا ہے کہ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ ،طاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اور ملک پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنانے کیلئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے۔



## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم جناب میاں محمد نواز شریف کا پیغام

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم جناب میاں محمد نواز شریف نے 69ویں یوم آزادی پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ آج ہمارے ملک کو چاروں اطراف سے دشمنوں کی یلغار کا سامنا ہے ہمیں ان مکار اور عیار دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہونا پڑے گا اپنی صفوں میں انتشار کے بجائے اتحاد و اتفاق پیدا کرکے اپنی نسل کو اعلیٰ تعلیم دے کر اپنے ملک میں اسلامی نظام لاکر ہم اللہ کی مدد و نصرت سے اس ملک کی حفاظت کریں گے۔قائد کی روح اور برصغیر کی دی ہوئی قربانیاں آج ہمیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں خدارا اپنے دوستوں اور دشمنوں کو پہچانو ،اپنے اندر تعصبات کو ختم کرو، داخلی معاملات سے لے کر خارجی مسائل تک قومی امنگوں اور آرزوؤں کے مطابق حل کرنے سے ہی ملک وملت کی بقاء ہے۔ہم انشاءاللہ عوام سے کیے ہوئے وعدے ہر صورت پورے کرینگے۔




## وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری عبدالمجید ایڈووکیٹ کا پیغام

وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری عبدالمجید ایڈووکیٹ نے 69ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ میں 14 اگست کے مبارک موقع پر ساری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتا ہوں۔میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان جو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے آئندہ آنے والے سالوں میں ملک کی اقتصادی صورتحال مزید بہتر ہو جائے گی۔وقتی طور پر معاشی حوالے سے مشکلات ضرور ہیں لیکن بالغ نظر عوامی جمہوری سیاسی قیادت قوموں کو مشکلات سے باہر نکالتی ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں جمہوری اداروں کو مضبوط اور مستحکم کیا جائے۔وطن عزیز میں ہر طرح کی کامیابیاں جمہوریت میں حاصل کی گئی ہیں جبکہ آمرانہ دور میں پاکستان کو نقصان پہنچا ہے۔ہم میں سے ہر فرد کو وطن عزیز میں جمہوریت کے فروغ اور استحکام کیلئے جدوجہد جاری رکھنی چاہئے۔



## چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا پیغام

نوجوان قیادت' پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کے 69ویں جشن آزادی پر تمام اہل وطنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے ملک کی آزادی کا احساس دلاتا ہے۔پاکستان کے قیام کیلئے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیاں پیش کیں ہمیں زندگی کے تمام لمحات میں ان کی قربانیوں کو یاد رکھنا ہوگا ہمیں فخر ہے کہ ہمارا وطن ایٹمی قوت ہے جو بہترین میزائل ٹیکنالوجی سے لیس ہے ہمیں وطن عزیز کی ترقی اور سالمیت کیلئے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔آزادی ایک عظیم نعمت ہے ملک اس وقت بے شمار مسائل کے درمیان گھرا ہوا ہے ہمیں ان مسائل کے خاتمے کیلئے ہمیں اپنی نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم سے ہمکنار کرنا ہوگا کیونکہ تعلیم کے بغیر کوئی ملک اور قوم ترقی نہیں کرسکتی۔(پاکستان زندہ باد)



## وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کا پیغام

پنجاب کے وزیراعلیٰ میاں محمد شہباز شریف نے 69ویں جشن آزادی پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن بڑی خوشی و مسرت کا دن ہے کہ آج دنیا کے نقشہ پر ایک آزاد اسلامی ملک پاکستان ابھر کر سامنے آیا۔یہ ملک ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کا ثمر ہے ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں ہونے دینا چاہیے۔اس موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنائیں گے یہ تب ہی ممکن ہوگا جب ہم تمام اختلافات ختم کرکے صرف اور صرف پاکستانی بن کر سوچیں گے ہماری نئی نسل پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ہر شعبہ میں تعلیم یافتہ اور ہنر مند بنیں۔ترقی یافتہ پاکستان کیلئے ہمارے نوجوانوں کو دنیا بھر کا چیلنج قبول کرنا ہوگا ہمیں اپنے اندر جذبہ حب الوطنی پیدا کرنا پڑے گا۔ہمارا ہر قدم اپنے پیارے وطن پاکستان کے تحفظ اور بقاء کیلئے اٹھنا چاہیے۔



## وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر پرویز رشید کا پیغام

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر پرویز رشید نے 69ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 14 اگست کے دن ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ وطن عزیز کی ترقی وتعمیر کے لیے ہم اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل انتہائی تابناک ہے۔قوموں کی تاریخ میں مشکل حالات بھی آتے ہیں۔ان مشکل معاشی حالات میں ہمیں بہتری کی امید رکھنی چاہیے۔میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان نے موجودہ جمہوری دور میں کافی شعبوں میں ترقی کی ہے۔آنے والا دور مزید بہتر ہوگا۔قدرت نے اس خطے کو کئی طرح کی دولت سے مالا مال کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ تھر سے نکلنے والے کوئلے سے پاکستان میں ایک بہت بڑا معاشی انقلاب آئے گا۔پاکستان نہ صرف اپنی ضرورت کی بجلی پیدا کرے گا بلکہ دوسرے ممالک کو بھی بجلی ایکسپورٹ کرے گا۔ مجھے امید کہ ماکستان جلد معاشی مشکلات سے چھٹکارا حاصل کرے گا۔



## وزیر اعظم کی لون سکیم کی چیئر پرسن محترمہ مریم نواز صاحبہ کا پیغام

محب وطن متحرک سیاسی وسوشل خاتون وزیر اعظم کی لون سکیم کی چیئر پرسن محترمہ مریم نواز صاحبہ نے 69 ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ قوم کو دہشت گردی کے خلاف ایک نکاتی ایجنڈے پر اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے اور تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کو اس بات پر یکجا ہونے کی ضرورت ہے جب تک ملک میں امن قائم نہیں ہوتا ملک ترقی نہیں کرسکتا۔امن کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ پاکستان کے دفاع اور سلامتی جمہوریت میں مضمر ہے۔غیر جمہوری رویوں اور غیر جمہوری حکومتوں نے ملک اور قوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔نواز شریف کی موجودہ جمہوری حکومت سے عوام کو بہت زیادہ توقعات وابستہ ہیں انشاء اللہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوام کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے مضبوط اور خوشحال پاکستان بنائے گی۔



## وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس پیر صدرالدین شاہ راشدی کا پیغام

سندھ کے نامور روحانی پیشوا محب وطن مسلم لیگی سیاستدان پیر صدرالدین شاہ راشدی وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس نے 69 ویں یوم آزادی پاکستان کے حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا کہ ہر انسان فطری طور پر اپنے وطن سے محبت کرتا ہے، اور کسی بھی جگہ پر رہنے کے باوجود وہ اپنے ملک کو نہیں بھول سکتا انہوں نے کہا کہ ہمیں آج کے دن اپنی تمام رنجشیں اور غلط فہمیوں کو بھلا کر ایک ہو جانا چاہیے اور مل جل کر صرف اپنے پیارے وطن پاکستان کے مفاد کے لئے کام کرنا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ یوم آزادی کے موقع پر ہم عہد کرتے ہیں پاکستان میں جمہوریت اور پارلیمنٹ اور آئین وقانون کی بالادستی اور ملک وقوم کی خوشحالی کے لئے اتفاق واتحاد سے کام کریں گے۔ ہر پاکستانی کو مضبوط اور خوشحال پاکستان بنانے کیلئے انتھک محنت کرنی چاہیے۔



## وفاقی وزیر تجارت انجینئر خرم دستگیر کا پیغام

فرزند گوجرانوالہ وفاقی وزیر تجارت انجینئر خرم دستگیر نے 69 ویں جشن آزادی کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد 69 سالوں میں قوم نے مشکل مرحلوں، کٹھن راستوں اور صبر آزما حالات میں سفر طے کیا ہے۔قوم کیلئے اس تھکا دینے والے سفر اور بھنور سے نکلنے کا جب بھی وقت آیا پاکستان کی ڈکٹیٹر شپ نے شب خون مارا اور سرحدوں کی حفاظت کی لگائی گئی ڈیوٹیوں اور دی گئی ذمہ داریوں کی پرواہ کئے بغیر اقتدار کے مزے لوٹنے کے لئے جمہوریت کا قتل کیا جاتا رہا۔انہوں نے کہا کہ جشن آزادی مناتے وقت ہمیں اپنے آباؤ اجداد کی قربانیوں کو مدنظر رکھنا چاہئے اور اس ملک کی خوشحالی اور ترقی کے لئے دعا کرنی چاہیے۔ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام کیلئے قوم کو میاں نواز شریف کا ساتھ دینا چاہیے کیونکہ ان کی مدبرانہ قیادت میں ہی ملک پاکستان کا ایشیا ٹائیگر بنے گا۔



## وفاقی وزیر صنعت وتجارت غلام مرتضٰی جتوئی کا پیغام

وفاقی وزیر صنعت وتجارت غلام مرتضٰی جتوئی نے 69 ویں یوم آزادی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آج کے اس پر مسرت اور تاریخ ساز دن پر دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں اور تمام اہل وطن کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 14 اگست کا دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جدوجہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لیے ایک الگ وطن حاصل کیا۔ پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ پاکستان حاصل کیا گیا کہ ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کرسکیں۔ہمیں عہد کرنا ہے کہ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ، طاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔خوشی کے اس موقع پر ہمیں یہ بھی عہد کرنا چاہیے کہ ملک پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنانے کیلئے مسلم لیگ (ن) کا بھرپور ساتھ دینا ہوگا۔


14 August
پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا
چاہیے کہ ہم ملک پاکستان کی ترقی و
خوشحالی کیلئے دن رات بھرپور جدوجہد
کریں گے اور نئے پاکستان کیلئے اپنے
قائد عمران خان کے وژن کو کامیاب
بنانے کیلئے بھرپور محنت کرینگے
چوہدری ممتاز اختر کاہلوں سٹی آرگنائزر پاکستان تحریک انصاف سرگودھا
City Link
Ex. Chairman NVTEC
City Link Group of Companies
P.O. Box 24658, Jeddah 21456 KSA Tel: +966 2 619 2299 Ext. 666
Tel: +966 2 619 2288 Ext. 666 Fax: +966 2 619 7700
E-mail: mumtaz@clgoc.com www.clgoc.com
M. Mumtaz. A.Kahloon
Managing Director
Cell: +966-50309139
Pak Cell: +92-306-4708383


پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
14 August
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا
چاہیے کہ ہم ملک پاکستان کی ترقی و
خوشحالی کیلئے دن رات بھرپور
جدوجہد کریں گے
ABUZAR ESTATE
Builders contracting Property
Seal & Purchase and Rent
Head Office: Plot No 7-C Bokhari Commercial Lane
No 7 Phase -6 DHA Karachi. Ph:+92-21-35849383
Mobile: 0301-8202273
Sardar Sultan Khan
Chief Executive




## وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کا پیغام

سندھ کے وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ نے پاکستان کے 69 ویں یوم آزادی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آج کے اس پرمسرت اور تاریخ ساز دن پر تمام اہل وطن کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست کا دن پاکستان کے لئے ایک تاریخ ساز جدوجہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لیے ایک الگ وطن حاصل کیا۔ پاکستان کے حصول کے لئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کے ساتھ پاکستان حاصل کیا گیا کہ ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کرسکیں۔ ہمیں اپنے یوم آزادی پر اس بات کا عہد کرنا ہے کہ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ، طاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔



## بلوچستان کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک کا پیغام

وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک نے 69 ویں جشن آزادی کے موقع پر پاکستانیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کا احساس دلاتا ہے ہم نے یہ ملک بانی قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت اور شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے افکار کے مطابق حاصل کیا۔ آزادی اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ہے ہمیں اپنے رب کی اس نعمت پر شکر اور اپنے آباؤاجداد کی دی ہوئی قربانیوں پر فخر کرنا چاہیے۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم قائداعظم محمد علی جناحؒ کے زریں اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو عظیم سے عظیم تر ملک بنائیں گے۔ ہمیں آپس کے تمام اختلافات ختم کر کے صرف اور صرف اپنی شناخت پاکستانی بنانی چاہیے۔ آئیں اس موقع پر عہد کریں کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت کا بھرپور ساتھ دے کر ملک کو ترقی کی بلندیوں پر لے کر جائیں گے۔



## وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک کا پیغام

تحریک انصاف کے ہردلعزیز اور متحرک وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک نے 69 ویں یوم آزادی پر اپنے پیغام میں کہا کہ آج ہمارے ملک کو چاروں اطراف سے دشمنوں کی یلغار کا سامنا ہے ہمیں ان مکار اور عیار دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہونا پڑے گا اپنی صفوں میں انتشار کے بجائے اتحاد و اتفاق پیدا کر کے اپنی نسل کو اعلیٰ تعلیم دے کر اپنے ملک میں اسلامی نظام لا کر ہم اللہ کی مدد و نصرت سے اس ملک کی حفاظت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد کی روح اور برصغیر کی دی ہوئی قربانیاں آج ہمیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں خدارا اپنے دوستوں اور دشمنوں کو پہچانو، اپنے اندر تعصبات کو ختم کرو، داخلی معاملات سے لے کر خارجی مسائل تک قومی امنگوں اور آرزوؤں کے مطابق حل کرنے سے ہی ملک وملت کی بقاء ہے۔ آؤ عہد کریں کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی قیادت میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔



## گلگت بلتستان کے ہردلعزیز وزیراعلیٰ حافظ حفیظ الرحمٰن کا پیغام

گلگت بلتستان کے ہردلعزیز وزیراعلیٰ حافظ حفیظ الرحمٰن نے تمام پاکستانیوں کو 69 ویں جشن آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس خوشی کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہئے کہ پاکستان میں جمہوری اداروں کے تحفظ، غریب اور مظلوم عوام کے حقوق کے تحفظ کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے دریغ نہیں کریں گے آج کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ اور ہمیں اپنے بزرگوں کی ان قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ اس وقت ملک کی صورت حال انتہائی ابتر ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمیں اپنی تمام صلاحیتوں و توانائیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے کام کرنا چاہیے اور وطن عزیز کو عظیم سے عظیم تر بنانے کے لئے اپنی تمام توانائیاں کو استعمال کرنا چاہیے۔



## مسلم لیگی نوجوان قیادت میاں حمزہ شہباز شریف رکن قومی اسمبلی کا پیغام

پاکستان کے ابھرتے ہوئے نوجوان متحرک مسلم لیگی رہنما، رکن قومی اسمبلی میاں حمزہ شہباز شریف نے پاکستان کے 69 ویں یوم آزادی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آج کے اس پرمسرت اور تاریخ ساز دن پر تمام اہل وطن کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست کا دن پاکستان کیلئے ایک تاریخ ساز جدوجہد کی عکاسی کرتا ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لیے ایک الگ وطن حاصل کیا۔ پاکستان کے حصول کیلئے ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں کی ایک منفرد تاریخ رقم کی اور اس عزم کیساتھ پاکستان حاصل کیا گیا کہ ہم امن، ہم آہنگی اور اسلامی اصولوں کے مطابق ایک آزاد مملکت میں اپنی زندگیاں بسر کرسکیں۔ ہمیں یوم آزادی پر اس بات کا عہد کرنا ہے کہ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو ترقی یافتہ، طاقتور اور اعتدال پسند ملک بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس موقع پر ہمیں یہ بھی عہد کرنا چاہیے کہ ملکی ترقی کیلئے میاں نواز شریف کی قیادت کا بھرپور ساتھ دینگے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔



## پاکستانیوں ک قومی ترقی وخوشحالی کیلئے وزیراعظم نواز شریف کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے: چوہدری نورالحسن تنویر

دبئی گلف میں مقیم بے باک' نڈر' خوش مزاج' خوش لباس' ہردلعزیز روشن خیال محب وطن پاکستانی کاروباری وسیاسی شخصیت چوہدری نورالحسن تنویر صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) گلف ریجن نے پاکستان کے 69ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر گلف میں مقیم پاکستانیوں کی طرف سے پوری قوم کو مبارکباد کا ہدیہ تبریک پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں 14 اگست سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہے کیونکہ اس تاریخی دن پاکستان دنیا کے نقشہ پر اسلامی جمہوری ملک ابھر کر سامنے آیا تھا آج کے تاریخ ساز دن کیلئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دیں عزتوں کو قربان کر کے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی ولولہ انگیز' جرأت مندانہ قیادت میں بیش بہا قربانیاں دے کر دوقومی نظریے کی بنیاد پر حاصل کیا۔ ہمیں اس خداوند تعالیٰ کی عطا کی گئی نعمت کا ہر حال میں شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ پاکستان کو بے شمار خطرات کا سامنا ہے بین الاقوامی قوتیں پاکستان کے خلاف سازشیں کر کے اس کو کمزور کرنا چاہتی ہیں۔ پاکستانیوں کو قومی ترقی وخوشحالی کیلئے وزیراعظم میاں نواز شریف کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے۔



## ہردلعزیز خوش اخلاق افسر' محمد احد ناظم الامور پاکستان ایمبیسی بحرین کا پیغام

ملتان کے نامور پروموٹرز، سحر انٹرنیشنل کے چیئرمین محمد سعید چوہدری نے پاکستان کے 69ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کا احساس دلاتا ہے ہم نے یہ ملک بانی قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت اور شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے افکار کے مطابق حاصل کیا۔ آزادی اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ہے ہمیں اپنے رب کی اس نعمت پر شکر اور اپنے آباؤاجداد کی دی ہوئی قربانیوں پر فخر کرنا چاہیے۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم قائداعظم محمد علی جناحؒ کے زریں اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو عظیم سے عظیم تر ملک بنائیں گے۔ ہمیں آپس کے تمام اختلافات ختم کر کے صرف اور صرف اپنی شناخت پاکستانی بنانی چاہیے ہمیں ملک کی حقیقی ترقی کیلئے جدید نظام تعلیم اور بین الاقوامی صنعتی ٹیکنالوجی کو اپنانا چاہیے۔ نواز شریف کی قیادت کو مضبوط کرنا چاہیے۔



## معروف پروموٹرز حاجی محمد عمران ڈار مینجنگ ڈائریکٹر ڈار ریکروٹنگ ایجنسی کا پیغام

گوجرانوالہ کے مشہور و معروف پروموٹرز تاجر رہنما حاجی محمد عمران ڈار مینجنگ ڈائریکٹر ڈار ریکروٹنگ ایجنسی، سابق سینئر وائس چیئرمین پوپا نے تمام اہل وطن کو 69 ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے تاثرات میں کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے ملک کی آزادی کا احساس دلاتا ہے۔ پاکستان کے قیام کیلئے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیاں پیش کیں ہمیں زندگی کے تمام لمحات میں ان کی قربانیوں کو یاد رکھنا ہوگا ہمیں فخر ہے کہ ہمارا وطن ایٹمی قوت ہے جو بہترین میزائل ٹیکنالوجی سے لیس ہے۔ ہمیں وطن عزیز کی ترقی اور سالمیت کیلئے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ ملک اس وقت بے شمار مسائل کے درمیان گھرا ہوا ہے ہمیں ان مسائل کے خاتمے کیلئے ہمیں اپنی نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم سے ہمکنار کرنا ہوگا۔



## نامور پروموٹرز شخصیت، اوورسیز ایمپلائمنٹ بیورو کے چیف ایگزیکٹو عبدالواحد عاصم کا پیغام

راولپنڈی کی نامور پروموٹرز شخصیت، اوورسیز ایمپلائمنٹ بیورو کے چیف ایگزیکٹو عبدالواحد عاصم نے پاکستان کے 69 ویں یوم آزادی کے موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے ملک کو چاروں اطراف سے دشمنوں کی یلغار کا سامنا ہے ہمیں ان مکار اور عیار دشمنوں کا مقابلہ کرنے کیلئے متحد ہونا پڑے گا اپنی صفوں میں انتشار کے بجائے اتحاد و اتفاق پیدا کر کے اپنی نسل کو اعلیٰ تعلیم دے کر اپنے ملک میں اسلامی نظام لا کر ہم اللہ کی مدد و نصرت سے اس ملک کی حفاظت کرینگے۔ قائد کی روح اور برصغیر کی دی ہوئی قربانیاں آج ہمیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں خدارا اپنے دوستوں اور دشمنوں کو پہچانو، اپنے اندر تعصبات کو ختم کرو، داخلی معاملات سے لے کر خارجی مسائل تک قومی امنگوں اور آرزوؤں کے مطابق حل کرنے سے ہی ملک وملت کی بقاء ہے۔



## ملتان کے ہردلعزیز پروموٹرز محمد فیروز خان چیف ایگزیکٹو پاکیزہ کارپوریشن کا پیغام

ملتان کے ہردلعزیز پروموٹرز، چیف ایگزیکٹو پاکیزہ کارپوریشن محمد فیروز خان سابق چیئرمین پوپا ملتان زون نے پاکستان کے 69 ویں جشن آزادی کی پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کا احساس دلاتا ہے ہم نے یہ ملک بانی قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت اور شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کے افکار کے مطابق حاصل کیا۔ آزادی اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ہے ہمیں اپنے رب کی اس نعمت پر شکر اور اپنے آباؤ اجداد کی دی ہوئی قربانیوں پر فخر کرنا چاہیے۔ ہمیں آج کے دن عہد کرنا چاہیے کہ ہم قائداعظم محمد علی جناحؒ کے زریں اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کو عظیم سے عظیم تر ملک بنائیں گے۔ ملکی ترقی کیلئے حکومت پاکستان کو بزنس مینوں کو سہولتیں فراہم کرنی چاہئیں تاکہ وہ بلاخوف وخطر ملک میں کاروبار کر سکیں۔



## کراچی کے لیڈنگ پروموٹرز، دہلوی مین پاور کے چیف ایگزیکٹو آغا صفدر دہلوی کا پیغام

کراچی کے ہردلعزیز لیڈنگ پروموٹرز، دہلوی مین پاور کے چیف ایگزیکٹو آغا صفدر دہلوی نے 69 ویں یوم آزادی کے موقع پر کہا کہ پاکستان کی ترقی میں نوجوان نسل کا کردار ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے ہمیں اپنی تمام توجہ نوجوان نسل کی تعلیمی قابلیت پر دینا ہوگی۔ ہمیں وطن عزیز کی شان بڑھانے کے لئے مثبت سوچ اپناتے ہوئے ہر سطح پر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمارے بزرگوں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ آج نسل نو کو چاہے کہ وہ اپنے وطن کو عظیم سے عظیم تر بنانے کے لئے ترقی پسندانہ سوچ کے ساتھ آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم نئی نسل کی تعمیر و ترقی میں اعلیٰ معیاری تعلیم دیں۔ تب ہی ہمارا ملک دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے گا۔



## باہمت پروموٹرز شخصیت، بی ایم آر انٹرنیشنل کے چیف ایگزیکٹو رانا محمد صدیق کا پیغام

باہمت متحرک پروموٹرز رانا محمد صدیق چیف ایگزیکٹو بی ایم آر انٹرنیشنل لاہور نے 69 ویں جشن آزادی کے موقع پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی روشن صبح بے حد قریب ہے پاکستان دنیا کی ساتویں اور اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی قوت ہے اب اس کی حفاظت ہم سب کا کام ہے ہمیں یوم آزادی کو جذبہ حب الوطنی کے ساتھ انتہائی جوش وخروش سے منانا چاہیے انہوں نے کہا کہ یوم آزادی تجدید عہد کے دن ہم دنیا بھر میں اپنے بہترین کارناموں اور صلاحیتوں کی بنا پر اپنے ملک کا نام روشن کریں جس کے لئے ہر شخص کو اپنی اپنی سطح پر بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ خاص طور پر بزنس کمیونٹی کو چاہئے کہ عالمی سطح پر کاروبار کرتے وقت ملک کے وقار کو مدنظر رکھیں۔ اعلیٰ کوالٹی معیار، محنت اور لگن پر خصوصی توجہ دیں تاکہ دنیا میں پاکستان کی منفرد پہچان بن سکے۔


پوری قوم کو جشن آزادی مبارک
14 AUGUST
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم ملک پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے
دن رات بھرپور جدوجہد کریں گے اور وزیراعظم پاکستان میاں نواز شریف کی مدبرانہ
قیادت میں پاکستان کی سلامتی اور ترقی کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے
خالد حسین چوہدری
صدر پاکستان
سوشل سنٹر شارجہ
عہدیداران، ممبران پاکستان سوشل سنٹر شارجہ یو اے ای
پی او بکس 178 شارجہ۔ یو اے ای
فون نمبر: 06-5626633 فیکس: 06-5617109


14 August
ہمیں اس پر مسرت موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے وطن عزیز پاکستان کو عظیم سے عظیم تر بنانے
کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور قائد پی پی آصف علی زرداری اور چیئرمین
بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ قیادت میں مضبوط اور خوشحال پاکستان کیلئے دن رات محنت کرینگے
سید ریاض حیدر بخاری
صدر پاکستان
پیپلز پارٹی
سعودی عرب
فون نمبر: 00966-504681951

# 69th INDEPENDENCE DAY OF PAKISTAN CELEBRATIONS IN UAE Embassy of Pakistan



Ambassador Asif Durrani and Pakistani community performing cake-cutting ceremony on 69th Indpendence Day of Pakistan at Embassy premises, Abu Dhabi on 14th August 2015



Ambassador of Pakistan Asif Durrani hoisting Pakistan National flag on 14th August 2015 at Embassy premises, Abu Dhabi





Ambassador Asif Durrani addressing at reception organized on 14th August 2015 at Abu Dhabi Embassy premises to celebrate 69th Pakistan Independence Day



The 69th Independence Day of Pakistan was celebrated at the Embassy of Pakistan, Abu Dhabi and Consulate General of Pakistan Dubai with national zeal and enthusiasm. A large number of UAE-based Pakistanis attended the ceremony.

Ceremonies at both the venues began with recitation of verses from the Holy Qur'an.

Ambassador of Pakistan Asif Durrani hoisted the National flag. Independence Day messages of President Pakistan Mamnoon Hussain and Prime Minister Muhammad Nawaz Sharif were read out.

In his address, Ambassador Durrani, while felicitating the Pakistanis on the auspicious occasion of Independence Day, recalled the great sacrifices rendered by the forefathers 69 years ago for a separate homeland. The Ambassador urged the community to stand united against extremist elements. In this regard, he lauded the role and sacrifices being rendered by the armed forces and law enforcement agencies of Pakistan. He said that the whole nation was united against dark forces of extremism.

Referring to the role of Pakistani community in UAE, Ambassador Durrani appreciated their contribution in the development of UAE. He particularly appreciated the UAE leadership's special affiliation towards Pakistan and said that the leaders of the two countries were keen on further strengthening bilateral relations. Ambassador Durrani also lauded the role of the Pakistani community in strengthening the national economy and improving ties.

On the occasion, Ambassador announced online facility introduced by NADRA for Pakistanis living in the UAE to renew their ID cards online. Ambassador also urged those Pakistanis, who still have manual passports to acquire Machine Readable Passports at the earliest as they will not be able to travel on manual passports after November, 2015.

Another ceremony in UAE was held at 0800 hours in the premises of Pakistan Consulate at Dubai. Javed Jalil Khattak, Consul General hoisted the National Flag while the National Anthem was played. He read the messages of President and Prime Minister of Pakistan to audience.

Extending warm felicitations on this occasion, Consul General Javed Jalil Khattak recounted the arduous struggle for achievement of independence under the visionary leadership of Quaid-e-Azam Mohammad Ali Jinnah. He paid homage to the Founding Father of the Nation, his co-workers and the freedom fighters whose enormous sacrifices made it possible to realize the dream of an independent state for the Muslims of the sub-continent.

Javed Khattak said that the country had come a long way despite enormous challenges, and was a proud member of the comity of nations and an active participant in contributing to international peace and security. Paying tribute to the present leadership, he said that the Prime Minister Nawaz Sharif determined resolve had succeeded in combating the evil forces of extremism and terrorism within the country as well as external threats.

Highlighting Pakistan's achievements on the economic front, Consul General said that the impressive economic progress of Pakistan had been substantiated by the reports of various reputed international rating agencies and international financial institutions i.e. IMF, World Bank. "Pursuance of a vibrant development agenda by the government, China-Pakistan Economic Corridor worth US$ 46 billion is another substantiation", he added. He opined that the economic corridor project was destined to reshape not only Pakistan's economy but would have a positive impact on the development of the entire region. He called for fostering unity for development of the country and inculcating a profound sense of solidarity.

Mr. Khattak commended the Pakistani community for their contributions in the progress and development of the United Arab Emirates. He recalled the excellent fraternal relations between Pakistan and the UAE and stated that the two countries have always stood by each other. He expressed his gratitude to the UAE leadership for their consistent support to the people of Pakistan.

Cake-cutting ceremonies were held at both places to commemorate the Independence Day. Independence Day ceremonies concluded with prayers for progress, prosperity and solidarity of the country.

# سلطنت آف بحرین میں پاکستان کے 69ویں یوم آزادی کے موقع پر مختلف تقاریب کی تصویری جھلکیاں



بحرین میں سفیر پاکستان محمد سعید خان یوم آزادی کے موقع
پر پاکستان ایمبیسی میں پرچم کشائی کر رہے ہیں



یوم آزادی کی پاکستان ایمبیسی میں تقریب، دائیں سے بائیں انجینئر منظور احمد، سفیر پاکستان سعید خان
ملک محمد احمد ناظم الامور اور ساجد بٹ کا دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو



پاکستان ایمبیسی بحرین نے پاکستان سے فٹ بال کی آئی ہوئی ٹیم ملک سعد محمود یل سپورٹس ٹرسٹ خیبر پختونخواہ کے اعزاز میں خوبصورت استقبالیہ کا اہتمام کیا جس میں بڑی
تعداد میں کمیونٹی کی شخصیات نے شرکت کی۔ سفیر پاکستان سعید خان، محمد احمد ناظم الامور، محمد قادر شاہ، ڈی ایس پی فاروق حسین، تنویر اسلم خان، محمد علی احمد نواز طوری، انجینئر
سعد محمود ملک، اعجاز احمد کمال کوچ، محمد نواز خان، محمد رفیق خوکل اور ساجد بٹ کا ٹیم کے کھلاڑیوں کیساتھ گروپ فوٹو



بحرین میں یوم آزادی کے موقع پر تقریب میں سفیر پاکستان سعید خان، ناظم الامور محمد احمد، سی ڈبلیو اے مقصود قادر شاہ،
محمد افضل، ساجد بٹ و دیگر کا گروپ فوٹو



محمد افضل بھٹی میرا اور سینئر ایڈوائزری کونسل نے آغا سعید احمد فسٹ سیکرٹری کمرشل ونگ کویت کے اعزاز میں خوبصورت استقبالیہ دیا جس میں محمد احمد ناظم الامور
پاکستان ایمبیسی بحرین و بزنس کمیونٹی نے شرکت کی۔ دائیں سے بائیں اے ڈی ظفر، محمد احمد ملک، مہمان آغا سعید احمد، محمد افضل بھٹی و دیگر کا گروپ فوٹو



انسٹیٹیوٹ آف انجینئرز پاکستان، بحرین، بحرین سوسائٹی آف انجینئرز کے زیر اہتمام سیمینار کے موقع پر انجینئر طارق بن ظفر، محمد احمد، قمر الحسن چیئرمین اور بورڈ ممبران کا گروپ فوٹو






فزاؤں میں لب و لہجے سے خوشبو گھول سکتے ہیں......ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جو اردو بول سکتے ہیں

# بزمِ اُردو دبئ کے زیرِاہتمام محفلِ اُردو مشاعرہ اور جوشِ اُردو ایوارڈ 2015ء کی تقریب کا انعقاد



رپورٹ: سید تابش زیدی

بزم اُردو دبئ جزیرہ نمہ امارات کے ان علمی وادبی اور ثقافتی اداروں میں سے ایک ہے جو اپنی انفرادی، علمی اور تنظیمی قوتوں کو بروئے کار لاکر علم وادب اور فکر وفن کے شاندار اور پُرکشش شعبہ سے روشنی حاصل کرنے اور اقوام تک پہنچانے کے لیے ہمہ چند جدوجہد میں مصروف رہتا ہے۔

علمی، ادبی اور ثقافتی ادارہ ہونے کے باعث بزم اردو نے ایسی مفید ادبی ثقافتی محافل کی ذمہ داری اٹھا رکھی ہے جو معاشرے میں اردو ادب، ثقافت، زبان اور اس سے وابسطہ تہذیب، اقدار رویوں اور رجحانات کو عام کر سکتے ہوں۔ اسی جذبے کے ماتحت بزمِ اردو نے اپنے دوسرے عالمی مشاعرے اور جوش اردو اوارڈ کا اہتمام کیا۔

ایرانی کلب دبئ میں ہندوستان اور پاکستان کی جشن یومِ آزادی کے حوالے سے منعقدہ ایک یادگار، عظیم الشان مشاعرے اور جوش اُردو ایوارڈ ۲۰۱۵ میں دونوں دیسوں کے اہلِ ذوق حضرات نے جس نظم وضبط، اخلاص اور باہمی محبت کا مظاہرہ کیا، اپنی مثال آپ ہے۔ معروف شاعر انور شعور کی زیرِ صدارت اس محفل میں جناب مظفر علی نے مہمان خصوصی اور جناب رضا مراد نے مہمان اعزازی کی حیثیت سے شرکت کر کے محفل کے ادبی وقار میں اضافہ کیا، روزنامہ سیاست کے محترم زاہد نے بھی خصوصی شرکت کر کے محفل کی رونق کو دوبالا کیا۔ اِس کامیاب محفل کے انعقاد کے سہرا منظمِ اعلیٰ ریحان خان، سرپرست شکیل احمد خان اور انکے معاونین معراج احمد نظامی اور سید تابش زیدی کے سر تھا۔ مہمان شعراء میں انور شعور (پاکستان) کے علاوہ منظر بھوپالی (انڈیا)، عباس تابش (پاکستان)، شمس الرحمٰن فاروقی (انڈیا)، ڈاکٹر زبیر فاروق (امارات)، اقبال اشہر (انڈیا)، محشر آفریدی (انڈیا)، جوہر کانپوری (انڈیا)، حسیب سوز (انڈیا)، احمد سلمان (پاکستان)، آغا سروش (انڈیا)، ابرار کاشف (انڈیا)، اشوک ساحل (انڈیا)، سلمان گیلانی (پاکستان)، اعجاز احمد (جموں کشمیر)، رخشندہ نوید (پاکستان) اور خوشبو رامپوری (انڈیا) شامل تھے۔ نظامت کے فرائض ابرار کاشف نے جداگانہ انداز میں نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیئے شعراء کرام کے مرتبے کا خوب خیال رکھا، منتخب اشعار اور ہلکے پھلکے چٹکلوں سے سامعین کی محفل میں دلچسپی کو اختتام تک برقرار رکھا، کہ سبھی اِنکے مداح ہوئے۔ تقسیم تعریفی شیلڈز کے لئے تعارفی خدمات معراج احمد نظامی کے حصہ میں آئی۔ یواے ای میں مقیم پاک و ہند سے تعلق رکھنے والے اہل ذوق حضرات کی کثیر تعداد سے ہال قبل از وقت کچھا کھچ بھر چکا تھا۔ (باقی صفحہ نمبر 77 پر)








# ”شاندار“ فلاپ، کیریئر کی پہلی ناکامی مایوس کن ہے: عالیہ بھٹ

## مایوسی کسی بھی فلم کا حصہ ہوتی ہے اور وہ اب اس سے آگے بڑھنے کی کوشش کر رہی ہیں، میڈیا سے گفتگو

رپورٹ: گلزار حسین



ممبئی: بالی وڈ اداکارہ عالیہ بھٹ کا کہنا ہے کہ فلم ”شاندار“ کی ناکامی ان کیلئے مایوس کن ہے اور یہ ان کے کریئر کی پہلی فلاپ فلم ہے۔ ممبئی فلم فیسٹیول کے دوران میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی فلم ”شاندار“ ان کے کریئر کی پہلی فلاپ فلم ہے اور یہ بات ان کے لیے کافی مایوس کن ہے۔ مایوسی کسی بھی فلم کا حصہ ہوتی ہے اور وہ اب اس سے آگے بڑھنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ فلم شاندار میں عالیہ بھٹ کے ہمراہ شاہد کپور نے اہم کردار ادا کیا تھا۔ فلم ”شاندار“ اپنے ریلیز سے قبل ایک ہٹ فلم کے طور پر دیکھی جا رہی تھی تاہم ریلیز کے بعد فلم نہ تو باکس آفس پر کچھ کمال دکھا سکی اور نہ ہی شائقین کو خاص پسند آئی۔ عالیہ بھٹ نے اپنے کریئر کا آغاز 2012ء کی فلم ”سٹوڈنٹ آف دی ایئر“ کے ساتھ کیا تھا، فلم کی کامیابی کے بعد عالیہ بھٹ نے امتیاز علی کی فلم ”ہائی وے“ کی جس کے بعد ورن دھون کے ساتھ فلم ’ہمپٹی شرما کی دلہنیا‘ میں اہم کردار کیا جو کہ دونوں ہی کامیاب فلمیں ثابت ہوئیں۔ عالیہ نے فلم ’2 سٹیٹس‘ میں بھی اداکاری کی تھی جو باکس آفس پر کافی پسند کی گئی تھی۔





# یواے ای میں مختلف تقریبات کی تصویری جھلکیاں


پاکستان سوشل سنٹر شارجہ میں یوم آزادی کی تقریب میں شریک خواتین


ہر ا لعزیز کیونٹی ویلفیئر قونصلر ڈاکٹر ریاض حسین لانگ کے اعزاز میں دعوت کے موقع پر مخدوم ریئس قریشی'
ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری اور دیگر کا گروپ فوٹو


سید سلمان گیلانی کے ہمراہ خالد حسین چوہدری' جمیل اسحاق'
وحید پال' و دیگر کا گروپ فوٹو


اسٹیج پر منشہ ودید خالد حسین چوہدری' پرنس اقبال' وحید پال و دیگر


پاکستان سوشل سنٹر شارجہ کی تقریب میں سید سلمان گیلانی' پرنس اقبال گورا' سید خالد حسین چوہدری'
وحید پال' رانا اقبال و دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں


شارجہ کے ہوٹل میں پرنس اقبال گورا' ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے ہمراہ دیگر شرکاء کا گروپ فوٹو


تقریب میں شریک خواتین


[illegible]


نامور محب وطن بزنس مین چوہدری اختر اپنے دوست
محمد صدیق القادری کے ہمراہ دبئی مال میں


یوم آزادی کی تقریب میں شریک مہمان


العین میں ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری احمد حسن صابری کے ہمراہ


سید سلمان گیلانی' میاں منیر ہانس اور دیگر کا گروپ فوٹو


ابوظہبی میں لاہور ملک ہمایوں' صدیق القادری اور دیگر کا گروپ فوٹو


دبئی کی ایک تقریب میں فریدہ فاروقی' تابش زیدی کا ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے ہمراہ گروپ فوٹو


تقریب میں سید سلمان گیلانی' ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری و دیگر کا گروپ فوٹو


سوشل سنٹر شارجہ کی تقریب میں نامور مزاحیہ شاعر سید سلمان گیلانی' وحید پال' محمد صدیق القادری' چوہدری امجد و دیگر کا گروپ فوٹو


دبئی کی تقریب میں صدیق القادری' تابش زیدی


پرنس اقبال کی طرف سے دیے گئے ڈنر میں سید سلمان گیلانی' وحید پال' میاں منیر ہانس' صدیق القادری' رانا اقبال' حسن رضوی کا گروپ فوٹو


ابوظہبی کی تقریب میں محمد صدیق القادری اور نامور شاعر و مصنف طارق بٹ شان و دیگر

# ہم لوگوں کی خدمت اپنا فرض سمجھ کر رہے ہیں: ڈاکٹر ریاض لانگ

## پاکستانیوں کے مسائل حل کرانے کیلئے ہم نے اوپن ڈور پالیسی بنائی ہے، ہم وطنوں کے مکمل رابطے میں ہیں

### خوش اخلاق شخصیت ڈاکٹر ریاض حسین لانگ کمیونٹی ویلفیئر قونصلر پاکستان قونصلیٹ دبئی سے ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کا خصوصی انٹرویو



**شارجہ، عجمان، فجیرہ کی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرانا میری ذمہ داری ہے: ڈاکٹر ریاض لانگ**



ڈاکٹر ریاض حسین لانگ 2011ء سے پاکستان قونصلیٹ دبئی یو اے ای میں کمیونٹی ویلفیئر قونصلر (CWA) کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی بڑی ذمہ داری، فرض شناسی اور خدمت انسانیت کے جذبہ سے انجام دے رہے ہیں آپ کا شمار شبانہ روز کمیونٹی کی خدمت کرنے والے انسان دوست سفارت کاروں میں ہوتا ہے انسانیت کی خدمت آپ کی شخصیت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے ہر ملاقاتی سے بڑے اچھے اخلاق، مسکراہٹ اور ملنساری سے پیش آتے ہیں اپنے دفتر کو ہر خاص اور عام سب کیلئے اوپن رکھا ہوا ہے ڈاکٹر ہونے کے ناطے ہر ایک کے مسائل بڑی ہمدردی اور توجہ سے سنتے ہیں پھر انہیں حل کرنے کیلئے مخلصانہ طریقے سے ہیلپ کرتے ہیں۔ ذاتی طور پر بہت اچھے ملنسار، ہشاش بشاش، زندہ دل انسان ہیں دوسروں کی خدمت کر کے ذہنی و دلی سکون محسوس کرتے ہیں اس قابل فخر پاکستانی سفارتکار کی کمیونٹی میں بہت تعریف سنی ہے پاکستانی کمیونٹی انہیں بڑی عزت اور محبت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ کمیونٹی کے پرزور اصرار پر راقم الحروف (محمد صدیق القادری) نے پاکستانی قونصلیٹ دبئی میں اس پاپولر ترین پاکستانی سفارتکار کا انٹرویو کیا جو قارئین کی دلچسپی کیلئے شائع کیا گیا ہے۔ (ادارہ)

یوتھ انٹرنیشنل: ڈاکٹر صاحب! اپنے بارے میں ہمارے قارئین کو کچھ بتائیں؟

ڈاکٹر ریاض: صدیق القادری صاحب! انٹرویو کیلئے دبئی تشریف لانے کا شکریہ! میرا تعلق جنوبی پنجاب جلالپور پیروالا ضلع ملتان کے زمیندار گھرانے سے ہے میں نے نشتر میڈیکل کالج ملتان سے ایم بی بی ایس کرنے کے بعد پنجاب پبلک سروس کمیشن کا امتحان دیا محکمہ ہیلتھ کے مختلف اداروں میں کام کیا گریڈ 18 میں بطور سینئر میڈیکل آفیسر اور انچارج تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جلالپور اپنے فرائض انجام دے رہا تھا فروری 2011ء میں پاکستان قونصلیٹ دبئی میں کمیونٹی ویلفیئر قونصلر (CWA) کی حیثیت سے پاکستانی کمیونٹی کی خدمت کر رہا ہوں۔

یوتھ انٹرنیشنل: پاکستان قونصلیٹ ویلفیئر ونگ کے کیا فرائض ہیں؟

ڈاکٹر ریاض: کمیونٹی ویلفیئر اتاشی کے فرائض میں پاکستانی کمیونٹی نے رابطہ کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل حل کرانا ہے مثال کے طور پر ہسپتالوں میں جا کر پاکستانی مریضوں کی صحت کے حوالے سے ہیلپ کرنا' جیلوں کے وزٹ کر کے پاکستانی قیدیوں کی قانونی ہیلپ کرنا' رمضان شریف میں رہائی کرانا' پاکستانیوں کے بچوں کو سکولوں میں داخل کرانا' لیبر کیمپوں میں جا کر پاکستانی لیبر کے مسائل سننا اور ان کو حل کرانے کیلئے اقدامات کرنا' لیبرز کی حوصلہ افزائی کرنا' اوورسیز پروموٹرز کی ڈیمانڈ کے سلسلے میں ہیلپ کرنا انہیں جاب کیلئے گائیڈ کرنا' بڑی بڑی کمپنیوں کے وزٹ کر کے پاکستانیوں کے جاب کے ذرائع بڑھانا' سب سے اہم پاکستانیوں کی ڈیڈ باڈیز کے کاغذات تیار کرانا' ان کے کفن' غسل کیلئے سوناپور دبئی میں سہولتیں دلوانا' جنازہ کروانا' ڈیڈ باڈیز کو پاکستان بھجوانے کے انتظامات کرانا شامل ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ اپنے فرائض منصبی کیسے ادا کر رہے ہیں؟

ڈاکٹر ریاض: میرے پاس شارجہ' عجمان' فجیرہ کی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرانے کی ذمہ داری ہے پاکستانیوں کے مسائل حل کرانے کیلئے ہم نے اوپن ڈور پالیسی بنائی ہے ہم سب لوگوں کی خدمت اپنا فرض سمجھ کر رہے ہیں اپنے ہم وطنوں کے مکمل رابطے میں ہیں خلوص دل سے اپنے بھائیوں کی ہیلپ کر رہے ہیں انہیں احساس دلا رہے ہیں کہ ہم ان کی خدمت کیلئے آئے ہیں قومی اجتماعی کاموں میں کمیونٹی کی بھرپور ہیلپ کر رہے ہیں۔ مستحق لوگوں کو مالی گرانٹ دیتے ہیں جیلوں میں قیدیوں کا جرمانہ ادا کر کے رہائی دلاتے ہیں آؤٹ پاسپورٹ بنا کر واپس وطن بھجواتے ہیں پاکستانیوں کے آپس میں جھگڑے کی صورت میں انہیں بلا کر تصفیہ کراتے ہیں۔ قومی تہواروں کو منانے کیلئے کمیونٹی کو متحد کرتے ہیں غریب اور نادار طلبہ کی ایجوکیشن میں ہیلپ کرتے ہیں۔


ڈاکٹر ریاض حسین لانگ یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے

یوتھ انٹرنیشنل: کیا آپ ویلفیئر ونگ پاکستان قونصلیٹ کی عملی طور پر مختصر کارکردگی بتائیں گے؟

ڈاکٹر ریاض: اس رمضان میں شارجہ جیل سے 56 قیدیوں کو معافی دلوا کر رہا کروایا' 36 قیدیوں کو عجمان جیل اور 26 قیدیوں کی فجیرہ جیل سے رہائی کروائی گئی قیدیوں کی رہائی کیلئے رحم کی اپیلیں قونصل جنرل کی طرف سے کورٹ میں کی گئی ہیں ایئرپورٹ پر بعض اوقات کافی بے گناہ لوگ پھنس جاتے ہیں کسی کا پاسپورٹ گم ہو جاتا ہے کسی کے ویزے میں پرابلم آ جاتی ہے تو ہم ایئرپورٹ جا کر پاکستانیوں کی ہیلپ کرتے ہیں۔ پچھلے دنوں شارجہ ٹیکسی کمپنی کے پاکستانی ڈرائیورز کے مسائل کو وہاں جا کر ایڈمنسٹریشن سے مل کر حل کرایا انتظامیہ اور ڈرائیورز کے درمیان کمپرومائز تصفیہ کروایا' اوورسیز پروموٹرز کے بارے لوگوں کی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ کئی پروموٹرز کو جاب ڈیمانڈ کیلئے گائیڈ کیا پاکستانی لیبر کی مارکیٹنگ کیلئے کمپنیوں کے وزٹ کیے۔ کئی فیملیوں کے کیسز میں تصفیہ کروایا' کمپنیوں میں جا کر لیبر کی تنخواہ کا مسئلہ حل کرایا۔

یوتھ انٹرنیشنل: ڈاکٹر صاحب! اوورسیز پروموٹرز کو ویلفیئر ونگ سے شکایات کیوں رہتی ہیں؟


ڈاکٹر ریاض: بعض پروموٹرز کم سے کم تنخواہوں پر ڈیمانڈ حاصل کر کے ورکرز کے ساتھ بہت زیادہ زیادتی و ناانصافی اور ظلم کرتے ہیں بعض جاب کے بغیر ہی ورکرز کو سبز باغ دکھا کر یہاں بھجوا دیتے ہیں جس سے ورکرز بہت پریشان ہوتے ہیں ہمارے لیے مسائل و مشکلات بڑھا دیتے ہیں ایسے ضمیر فروش پروموٹرز کو شکایات ہو سکتی ہیں کیونکہ ہم ورکرز کے معاشی مفاد کا خیال رکھتے ہوئے ڈیمانڈ کی تصدیق کرتے ہیں جن اوورسیز پروموٹرز کی شکایات آتی ہیں ہم ان کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے وزارت اور بیورو کو لائسنس کینسل کرنے کی سفارش کرتے ہیں تا کہ یہاں پاکستانی لیبر کو مشکلات نہ آئیں جو پروموٹرز اچھا کام کرتے ہیں ان کے ساتھ ہمارا تعاون ہوتا ہے انہیں گائیڈ کرتے ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: کیسی کمپنیوں میں ورکرز کو مشکلات پیش آتی ہیں؟

ڈاکٹر ریاض: زیادہ تر چھوٹی کمپنیوں میں ورکرز کو جاب اور تنخواہ کی پرابلم آ رہی ہیں یہاں ایک مافیا ہے جو چھوٹی کمپنیاں بنا کر ویزے نکلواتا ہے پھر بھاری رقم لے کر ویزے بھیجتا ہے پھر کمپنی بند کر کے رفو چکر ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے ورکرز بیروزگار اور پریشان ہوتے ہیں میری کمیونٹی ویلفیئر قونصلر کی حیثیت سے اپنے پاکستانی بھائیوں سے اپیل ہے کہ وہ کمپنی کے بارے میں پوری تحقیق کر کے تسلی کر لیں کہ واقعی یہ کمپنی اچھی شہرت کی ہے تو پھر پاکستان سے آئے برائے نام فرضی کمپنیوں کے ویزوں پر ہرگز نہ آئیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: پروموٹرز کو ڈیمانڈ کی تصدیق اور سلیکشن کیلئے پاکستان جانیوالے وفد کے ویزوں کی تاخیر کی شکایات ہیں؟

ڈاکٹر ریاض: ہم آنکھیں بند کر کے ڈیمانڈ کی تصدیق نہیں کرتے بلکہ کمپنیوں میں جا کر پوری چھان بین کر کے وہاں رہائش' تنخواہ' ورکنگ ٹائم' اوور ٹائم' خوراک اور کمپنی کی ساکھ کو دیکھ کر تصدیق کرتے ہیں جس سے تصدیق میں کچھ وقت لگتا ہے ڈیمانڈ کے سلسلے میں جانیوالے وفد کو بھی ویزے بروقت لگوانے کی کوشش کرتے ہیں بعض اوقات ہماری وزارت داخلہ کی ویزا پالیسی سے تاخیر ہو جاتی ہے میری ذاتی رائے ہے کہ ڈیمانڈ کے سلسلے میں جانیوالے وفود کے فوری ویزے لگنے چاہیں تا کہ پاکستانی مین پاور زیادہ سے زیادہ باہر آئے جس سے ملک کو قیمتی زرمبادلہ کے ساتھ ساتھ ترقی اور خوشحالی ملے گی۔




یوتھ انٹرنیشنل: پاکستانی سفارتکاروں کے بارے میں کمیونٹی کے منفی تاثرات کیوں ہوتے ہیں؟ بحیثیت سفارتکار


(باقی صفحہ 75 پر)

# دبئی دنیا بھر کے لوگوں کیلئے بزنس، ٹورازم سپورٹس کے لحاظ سے پرکشش مقام ہے: کیپٹن برار

## ہیز ہائی نیس شیخ محمد بن راشد المکتوم کے وژن سے دبئی ترقی اور خوشحالی میں دنیا بھر کے لیے ایک خوبصورت مثال بن چکا ہے

## انڈین، پاکستانی، عربیک کمیونٹی کی ہر دلعزیز شخصیت کیپٹن جگوندر سنگھ برار سے ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کا خصوصی انٹرویو

دبئی کے بزنس اور سوشل حلقوں میں کیپٹن جگوندر سنگھ برار بڑے مشہور و معروف ہر دلعزیز خوش اخلاق، خوش لباس، ہنس مکھ شخصیت کے طور پر جانے اور پہچانے جاتے ہیں انڈین، پاکستانی، عربیک کمیونٹی میں آپ کے دوستوں کا حلقہ احباب بہت وسیع ہے۔ دبئی میں ہونے والی تقریبات میں کیپٹن برار کی شرکت لازمی تصور کی جاتی ہے جہاز رانی یعنی شپنگ کے بزنس میں انہیں بین الاقوامی شہرت حاصل ہے جو عزت اور شہرت انہوں نے شپنگ کے شعبے میں کمائی ہے وہ بڑے ہی خوش نصیبوں کو ملتی ہے ذاتی طور پر بڑے اچھے مہمان نواز، بے لوث، ہمدرد انسان ہیں۔ دوستوں کے کام آنا ان کی زندگی کا مقصد حیات ہے دبئی کے علاوہ اپنے آبائی علاقہ میں بھی کئی ویلفیئر پراجیکٹس چلا رہے ہیں۔ کیپٹن برار نے اپنی خوبصورت رہائش گاہ ARBIAN RACHAGE میں ناشتہ پر مدعو کیا خوبصورت پنجابی ڈشز سے تواضع کی گھر میں پنجابی کلچر کی بھرپور جھلک نظر آئی۔ دبئی میں ہم نے اپنے قارئین کے لیے کیپٹن برار کا خصوصی انٹرویو کیا جس کو ہم شائع کر رہے ہیں۔



## انسانیت کی خدمت میرے خون میں رچی بسی ہے: کیپٹن برار



کیپٹن جگوندر سنگھ برار کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز

سوال: کیپٹن برار صاحب اپنے فیملی بیک گراؤنڈ کے حوالے سے ہمارے قارئین کو تعارف کروائیں؟

جواب: صدیق القادری صاحب ہماری فیملی کا تعلق زندہ دلوں کے شہر لاہور سے ہے میرے پردادا اور دادا نے لاہور سے گریجوایشن کی۔ دادا لاہور سے انجینئرنگ کر کے ریلوے میں انجینئر رہے۔ تقسیم کے وقت ہماری فیملی لاہور سے انڈین پنجاب چندی گڑھ شفٹ ہو گئی میرے والد کرنل گورڈ سنگھ برار (GURDE SINGH BRAR) انڈین آرمی کے مانے ہوئے گھڑ سوار رہے مجھے بھی بچپن سے گھڑ سواری کا شوق رہا سات سال کی عمر میں گھڑ سواری کا ایوارڈ ملا ساری پڑھائی ملٹری سکول اجمیر سے کی گریجویشن کر کے مرچنٹ نیوی کو جائن کیا 26 سال کی عمر میں جہاز کا کپتان بن گیا پھر سنگاپور میں نوکری کی۔


ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کیپٹن جگوندر سنگھ برار کا انٹرویو کرتے ہوئے

سوال: آپ دبئی یو اے ای کب آئے؟

جواب: میں 1996 میں دبئی یو اے ای آیا یہاں انتھک دن رات محنت کی پھر 1999 میں اپنی جہاز رانی کی کمپنی شروع کی سچے رب کے کرم سے میں گیارہ بڑے، بحری جہازوں کا مالک ہوں۔

سوال: اپنی فیملی کے بارے میں کچھ بتائیں؟

جواب: میں نے اپنے والدین کی پسند پر ارینج میرج آبائی علاقہ سے کی میرے تین بچے ہیں میری بڑی بیٹی امریکہ میں سوشل خدمت کے لیے لاء کر رہی ہے اپنے پردیسیوں جن کے پاس وکیل کرنے کے پیسے نہیں ہوتے ان کو فری قانونی ہیلپ کر کے خدمت کرنا چاہتی ہے۔ دوسرا بیٹا لندن میں پڑھتا ہے چھوٹی بیٹی دبئی کے سکول میں پڑھتی ہے۔

سوال: اپنے دیس سے باہر رہ کر کیا محسوس کرتے ہیں؟

جواب: اپنی پنجاب دھرتی اور اپنے گروؤں سے بہت زیادہ پیار ہے جنہیں ہم کسی قیمت پر چھوڑ نہیں سکتے دوسری نیشنلٹی کا پاسپورٹ نہ لینے کی اصل وجہ یہی جذبہ دھرتی سے سچا پیار ہے۔

سوال: دبئی میں آپ کی سوشل لائف کیسی ہے؟

جواب: دبئی یو اے ای دنیا بھر کے لوگوں کے لیے بزنس، ٹورازم، سپورٹس کے لحاظ سے پر کشش مقام ہے انٹرنیشنل کمیونٹی اور ہر کمیونٹی کو آزادی اور تحفظ ہے۔ جہاں 200 دیسوں کے لوگ امن و سکون سے رہ رہے ہیں۔ میں چونکہ سپورٹس مین بھی ہوں میرے روزانہ دو گھنٹے جم پر لگتے ہیں ایکسرسائز اور ہارس رینگ کا شوق ہے ہفتے میں تین چار بار گالف کھیلتا ہوں یہاں دنیا کے بہترین گالف کلب موجود ہیں۔

سوال: دبئی یو اے ای کے حکمرانوں کے بارے میں آپ کیا تاثرات ہیں؟


کیپٹن برار اپنے ایوارڈ' شیلڈز اور میڈلز کے ہمراہ

جواب: دبئی کے حاکم اعلیٰ ہیز ہائی نیس شیخ محمد بن راشد المکتوم کے وژن سے دبئی ترقی اور خوشحالی میں دنیا بھر کے لیے ایک خوبصورت مثال بن چکا ہے یہاں ہر طرح سے مذہبی آزادی ہے میں اپنی سکھ کمیونٹی کی طرف سے دبئی کے ہر دلعزیز حکمران شیخ راشد کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے دبئی میں سکھ کمیونٹی کو اپنا گوردوارہ بنانے کی نہ صرف اجازت دی بلکہ بہت بڑا پلاٹ بھی دیا جہاں دنیا


کیپٹن برار یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے

کا خوبصورت گوردوارہ تعمیر ہوا ہے جو پوری دنیا کے سکھوں کے لیے دبئی حکومت کا خوبصورت تحفہ ہے جہاں دنیا بھر سے سکھ، مسلمان دیگر کمیونٹی کے لوگ آتے ہیں۔

سوال: پنجاب کلچر کے فروغ کے لیے کیا کر رہے ہیں؟

جواب: ہم اپنے آبائی علاقہ چندی گڑھ میں پنجابی ثقافت کے فروغ کے لیے کام کر رہے ہیں پاکستان سے پنجابی گلوکاروں سنگرز کو بلاتے ہیں دونوں ملکوں کے پنجابیوں کی ثقافت، گائیکی کو فروغ دینے کے لیے تقریبات منعقد کرتے رہتے ہیں ہم اپنے بچوں کو یورپ اور امریکا میں پڑھا رہے ہیں لیکن پنجابی زبان سے محبت اور پنجابی بولنے کی تلقین کرتے ہیں جبکہ پنجابی نوجوان مادری زبان چھوڑ کر انگریزی کی طرف جا رہے ہیں پنجابی نوجوانوں کو اپنی مادری زبان پنجابی بھی بولنی چاہیے۔

سوال: اپنے آبائی علاقہ میں انسانی بھلائی کے لیے کیا کر رہے ہیں؟

جواب: انسانیت کی خدمت میرے خون میں رچی بسی ہے میں نے اپنے گاؤں میں 100 شہروں کی بیٹیوں آرڈر اپ کر کے اچھے سکولوں میں داخل کر رہا ہے ان کے سارے اخراجات کی ذمہ داری لی ہے گاؤں کے لوگوں کے لیے لائبریری کھول دی ہے صاف ستھرے پانی کا انتظام کر دیا ہے سڑکوں پر سولو لائٹس لگوا دی ہیں ایک کمیونٹی ہال بنوایا ہے تا کہ گاؤں والوں کو شادی بیاہ کی فری سہولتیں میسر ہوں۔

سوال: آپ کی ترقی کا کیا راز ہے؟

جواب: اپنے کام میں انتھک محنت، رب اور ماں باپ کی پوجا کرنے ان تینوں نے مجھے آگے بڑھنے میں بہت ترقی دلائی ہے میں نے 18 سال کی عمر میں گھر بار چھوڑ کر جہازوں کی نوکری کی عام

(باقی صفحہ نمبر 75 پر)

# بیس ہزار بحرینی نوجوانوں کو آئی ٹی کی ٹریننگ دی: ڈاکٹر برزین پی بھروچا

## بین الاقوامی شہرت یافتہ آئی ٹی سپیشلسٹ ڈاکٹر برزین پی بھروچا کی یوتھ انٹرنیشنل میگزین سے بات چیت

جنوبی ایشیاء خصوصاً انڈیا و پاکستان کے نوجوان میڈیکل سائنس، انجینئرنگ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں اپنی خداداد قابلیت، صلاحیت اور ذہانت کا لوہا منوا کر پوری دنیا میں اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ ایسی ہی نابغہ روزگار شخصیت بحرین میں موجود ہے جو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں بین الاقوامی شہرت کی حامل ہیں وہ ہیں جناب ڈاکٹر برزین پی بھروچا صاحب۔ بحرینی حکومت اور طلباء و طالبات آئی ٹی کے شعبہ میں آپ کی گرانقدر خدمات کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔



مجھے مائیکروسافٹ کے چیئرمین بل گیٹس کے ساتھ بھی کام کرنے کا موقع بھی ملا: برزین بھروچا



ڈاکٹر برزین پی بھروچا کے دوران انٹرویو خوبصورت پوز

میری حالیہ دورہ بحرین کے دوران انڈیا سے تعلق رکھنے والی اس قابل فخر آئی ٹی سپیشلسٹ ڈاکٹر برزین پی بھروچا سے ملاقات ہوئی۔ دوران گفتگو آپ نے بتایا کہ میں 2005ء میں بحرین آیا۔ مجھے آئی ٹی کا بچپن ہی سے شوق تھا۔ میں نے ایم ایس سی بحرین سے اور پی ایچ ڈی یو ایس اے سے کی۔ بحرین میں اپنی کامیابیوں کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر برزین نے کہا ”میں نے بحرین آ کر بحرینی یوتھ کو انفارمیشن ٹیکنالوجی میں لانے کیلئے پلاننگ کی۔ بیس ہزار بحرینی نوجوانوں کو آئی ٹی کی ٹریننگ دی۔ میں نے ٹیچنگ کا آغاز بحرین میں نیول کالج سے کیا۔ بحرینی یوتھ نے مجھے زبردست رسپانس دیا۔ مجھے مائیکروسافٹ کے چیئرمین بل گیٹس کے ساتھ بھی کام کرنے کا موقع ملا۔ یہ میرے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ میں نے ریجنل وائس پریذیڈنٹ آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام انڈیا کی حیثیت سے ایچ ایس بی سی بنک میں بھی خدمات انجام دیں اور انٹرنیٹ گلوبل ٹیکنالوجی کو سٹارٹ کیا۔ جولائی 2005ء میں ہی مجھے چیف آف انفارمیشن سسٹم بحرین مقرر کیا گیا۔ میں نے اس حیثیت سے پورا سسٹم تشکیل دیا۔ اتفاق سے مجھ سے پہلے جو لوکل بحرینی کام کر رہا تھا وہ بہت اچھا انسان تھا مگر آئی ٹی ایکسپرٹ نہیں تھا۔ میں نے بجائے اسے فارغ کرنے کے اس کے دماغ کو آئی ٹی میں استعمال کیا۔ مکمل ٹریننگ دی اور اسے بیسٹ ایمپلائی کا ایوارڈ دلایا“۔

گفتگو کو آگے بڑھاتے ہوئے ڈاکٹر برزین پی بھروچا نے کہا ”ہم سب سے پہلے انسان ہیں بعد میں مسلم، عیسائی، ہندو یا سکھ ہیں۔ بحرین میں میری کامیابیوں سے چند لوگ حسد کرنے لگے۔ میں انڈیا واپس چلا گیا۔ خدا نے مجھے ایک بڑی کمپنی میں جاب دے دی جو یو کے بارڈر ایجنسی، یو ایس اے، آسٹریلیا، سوئٹزرلینڈ اور یورپی یونین ممالک کیلئے بائیو میٹرک ایمپلی فیکیشن سسٹم پر کام کر رہی تھی۔ یہاں میری سیلری تیرہ ملین انڈین روپے تھی۔ تاہم آٹھ ماہ تک مجھے بحرین سے مسلسل کالز موصول ہوتی رہیں کہ میں واپس آ جاؤں۔ چنانچہ محض جذبہ خدمت کے تحت میں دوبارہ 2009ء میں صرف تیس لاکھ روپے پر بحرین آ گیا“۔

آپ نے بتایا کہ آپ بہترین اتھلیٹ بھی رہ چکے ہیں۔ ہائی جمپنگ کے علاوہ کرکٹ اور ہاکی بھی کھیلتے تھے۔ شاپ کو سنگنگ اور ڈانسنگ کا شوق بھی ہے۔ بحرین میں آپ شیخ فار آئی ٹی کے نام سے مشہور ہیں۔ دوسری دفعہ بحرین آنے کے بعد آپ نے اپنی کمپنی بھی تشکیل دی اور اس کیلئے سکیورٹی سسٹم بنایا جس سے کام چوروں اور پوری بلڈنگ میں ہونیوالی چوریوں کا پتہ چلتا ہے۔ کام چوروں اور چوروں کو پکڑا جا سکتا ہے۔ پورے مڈل ایسٹ میں یہ پہلا پراجیکٹ ہے

(باقی صفحہ نمبر 76 پر)



ڈاکٹر برزین پی بھروچا یوتھ انٹرنیشنل کے ہمراہ ساتھ ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری بھی موجود ہیں

# ہم ابوظبی اور العین میں پاکستانی ڈاکٹرز کو اچھی جاب دلوانے میں ہیلپ کرتے ہیں: ڈاکٹر طلعت محمود بٹ

## پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز اور ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر طلعت محمود چیئرمین پاکستان ڈاکٹرز فورم ابوظبی کی یوتھ انٹرنیشنل سے بات چیت



ڈاکٹر طلعت محمود بٹ ابوظبی میں پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز اور ہر دلعزیز محب وطن شخصیت ہیں پاکستانی کمیونٹی کے سوشل ویلفیئر کے کاموں میں بھر پور حصہ لیتے ہیں کمیونٹی کے اجتماعی مسائل کو حل کرانے اپنے نفع ونقصان کی پرواکئے بغیر سرگرم عمل رہتے ہیں یہی وجہ ہے پاکستانی کمیونٹی سمیت اماراتی عرب کمیونٹی بھی ڈاکٹر صاحب کو انتہائی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے سماجی خدمت کا جذبہ ڈاکٹر طلعت محمود میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے آپ کے دوستوں کا حلقہ احباب بڑا وسیع ہے انتہائی مہمان نواز ہنس مکھ، باغ و بہار، دوست پرور انسان ہیں۔ جب ایئر وائس مارشل مشتاق لغاری سفیر تھے انہوں نے پاکستان سنٹر ابوظبی کیلئے کمیونٹی کی ایڈہاک کمیٹی بنائی تھی آپ نے اس کمیونٹی کمیٹی کے سیکرٹری کی حیثیت سے کمیونٹی کے سوشل و ویلفیئر پروگراموں کی بھر پور حوصلہ افزائی کی۔ آپ کا آبائی تعلق پنجاب کے انڈسٹریل سٹی، پہلوانوں کے شہر گوجرانوالہ کی کشمیری فیملی سے ہے۔ 1987 میں ابوظبی آئے 1991ء میں طلعت میڈیکل سنٹر کی بنیاد رکھی خلوص دل سے دن رات انتھک محنت کی ترقی کرتے ہوئے ابوظبی میں خوب اچھی شہرت حاصل کی اور خوب مقام بنایا۔

پاکستان ڈاکٹرز فورم کے بارے میں سوال پر ڈاکٹر طلعت محمود چیئرمین نے بتایا پاکستان بزنس کونسل ابوظبی کے بزنس اینڈ پروفیشنل کونسل ابوظبی میں ڈاکٹرز فورم کا چیپٹر ہے۔ ڈاکٹر فورم کے نیٹ ورک میں 150 ڈاکٹرز ابوظبی، العین سے رجسٹرڈ ہیں فورم کا مقصد کنٹیکٹ ٹو کمیونٹی ہے ہیلپ ٹو کمیونٹی ہے ویلفیئر فار کمیونٹی ہے پاکستانی ڈاکٹرز اور ابوظبی منسٹری آف ہیلتھ کے مابین روابط کا ذریعہ ہے پاکستان سے آنے والے نئے ڈاکٹرز کو گائیڈنس کا ذریعہ ہے ابوظبی اور العین میں پاکستانی ڈاکٹرز کو اچھی جاب دلوانے میں ہیلپ شامل ہے۔ ہم یو اے ای میں ملازمتوں کے خواہش مند پاکستانی ڈاکٹرز کو جاب کے حوالے سے مکمل گائیڈ کر رہے ہیں پاکستان میں ڈاکٹرز اور نرسنگ کو گائیڈ کر رہے ہیں ایگزام کے لیے یو اے ای آنے کی ضرورت نہیں لاہور، اسلام آباد، کراچی میں ایگزام ہوتے ہیں وہاں سے ایگزام کلیئر کر کے جاب کیلئے آئیں۔ چیئرمین ڈاکٹرز فورم نے کہا کہ یو اے ای میں ڈاکٹرز، نرسنگ کی بہت ڈیمانڈ ہے گورنمنٹ اور پرائیویٹ کلینکس میں قابل اور محنتی ڈاکٹرز، نرسنگ، پیرا میڈیکل سٹاف کا بہت سکوپ ہے۔

# ہم خدمت کے جذبے سے پراپرٹی ڈیلرز کے مسائل حل کرائیں گے: سردار سلطان

## چیف ایگزیکٹو ابوذر اسٹیٹ سردار سلطان خان ڈیفنس کلفٹن ریئل اسٹیٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات میں ویلفیئر سیکرٹری منتخب

ڈی ایچ اے کراچی کے مشہور و معروف ریئل اسٹیٹ ایجنٹ ابوذر ریئل اسٹیٹ کے مالک ہر دلعزیز نوجوان بزنس مین، سوشل شخصیت سردار محمد سلطان خاں جن کے یونٹی گروپ کا انتخابی نشان

> پراپرٹی ڈیلرز کو ان کا جائز مقام دلائیں گے پراپرٹی کے شعبے کو ترقی دینے کے لیے دن رات کام کریں گے: سردار سلطان

پھول تھا ان کا گروپ بھاری اکثریت سے کامیاب ہو گیا ہے سردار محمد سلطان نے اپنے گروپ کے الیکشن جیتنے اور ویلفیئر



سیکرٹری کا عہدہ سنبھالنے کے موقع پر اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ان کے گروپ کے منتخب عہدیدار خدمت، دیانت اور ذمہ داری کے جذبہ سے ڈی ایچ اے، کلفٹن کے پراپرٹی ڈیلرز کے مسائل حل کرانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے پراپرٹی ڈیلرز کو ان کا جائز مقام دلائیں گے پراپرٹی کے شعبے کو ترقی دینے کے لیے دن رات کام کریں گے انہوں نے اپنے گروپ پر ریئل اسٹیٹ ایجنٹس کا اعتماد کرنے، بھاری اکثریت سے ووٹ دے کر کامیاب بنانے پر بھی شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆

# دنیا کے کام دین کے تابع رہ کر کرنے چاہئیں، بزنس کے لحاظ سے عجمان پرکشش ریاست ہے: محمد عظیم

## ریاست عجمان میں مقیم مشہور و معروف کاروباری، سماجی، دینی، پاکستانی شخصیت محمد عظیم مینیجنگ ڈائریکٹر عظیم فرنیچر کی خوبصورت بات چیت




عجمان یو اے ای میں مقیم نامور محب وطن سیلف میڈ ملنسار سماجی، کاروباری شخصیت محمد عظیم کا شمار ایسے قابل تعریف پاکستانیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے گفتار اور کردار سے اپنی بے پناہ خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے فرنیچر کے کاروبار میں خوب ترقی کی ہے اپنے رزق حلال کو دینی و فلاحی کاموں میں دل کھول کر خرچ کرتے ہیں پاکستانی کمیونٹی کے اجتماعی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ انہیں پاکستانی کمیونٹی میں بڑے عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے پاکستان قونصلیٹ دبئی بھی آپ کی قابل داد سوشل خدمات کا معترف ہے آپ کے اداروں میں سب سے زیادہ پاکستانی کام کرتے ہیں آپ کا اپنے ملازمین سے رویہ انتہائی دوستانہ اور مشفقانہ ہے انہوں نے اپنی زندگی کو کاروبار، سماجی خدمت، گھر اور مسجد تک وقف کر رکھا ہے دینی تبلیغ کو اپنے لیے ایک اعزاز سمجھتے ہیں پنجابی، اردو بڑی روانی سے جبکہ انگریزی اور عربی زبانوں کو باآسانی سمجھتے اور بولتے ہیں۔ آپ اپنے بزنس کے سلسلے میں فرانس، چائنہ، تائیوان، برازیل، انڈونیشیا، تھائی لینڈ، ملائیشیا، سنگاپور، ہانگ کانگ گئے ہیں جبکہ تھائی لینڈ، بنگلہ دیش اور پاکستان تبلیغی جماعت کے ساتھ دین اسلام کی تبلیغ کے لیے گئے ہیں سعودی عرب حج وعمرہ کیلئے گئے۔

معزز قارئین ریاست عجمان میں مقیم اس قابل تحسین پاکستانی کا آبائی تعلق پاکستان کے سپورٹس سٹی سیالکوٹ کے دین دار گھرانے سے ہے۔ یہ قابل فخر پاکستانی چودہ سال کی عمر میں 1969 میں اپنے والد صاحب کے ساتھ شارجہ آئے 6 درہم روزانہ کے عوض ملازمت شروع کی پھر ترقی کرنے کے جذبہ سے دن رات انتھک محنت کرتے ہوئے بہترین کارپینٹر ہونے کا اعزاز حاصل کیا پھر اپنے ایک بڑے بھائی کو 1970 میں دوسرے بڑے بھائی کو 1974 میں ملازمت کے لیے شارجہ بلوایا پھر دونوں بھائیوں کے ساتھ مل کر اپنے کاروبار کو بڑھایا جب کاروبار کافی عروج پر پہنچا تو تینوں بھائیوں نے اپنی علیحدہ علیحدہ کمپنیاں بنالیں۔ خوددار، سیلف میڈ، باہمت محمد عظیم نے 1994 میں عظیم فرنیچر کے نام سے اپنے ذاتی کاروبار کا آغاز ریاست دبئی سے کیا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خوب ترقی کرتے ہوئے 96 میں شارجہ، عجمان میں فرنیچر کی ذاتی کمپنیاں بنائیں الحمد اللہ فرنیچر کے شعبے میں جو عزت اور شہرت خوشحالی انہیں ملی وہ بہت ہی کم خوش نصیبوں کو ملتی ہے۔ اب

آپ کے اداروں میں سینکڑوں ملازمین کام کرتے ہیں زیادہ تعداد پاکستانیوں کی ہے۔ عجمان میں مقیم دین سے بے پناہ محبت رکھنے والے محب وطن پاکستانی محمد عظیم چیئرمین عظیم فرنیچر گروپ کا کہنا ہے کہ مجھے پاکستانی ہونے پر فخر ہے یہاں میری شناخت ہی پاکستانی ہے میں نے بحیثیت پاکستانی ایمانداری، دیانتداری، فرض شناسی اور خلوص دل سے شبانہ روز انتھک محنت کی جس کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت ترقی اور خوشحالی دی۔ میری پاکستانی نوجوانوں سے اپیل ہے کہ وہ شارٹ کٹ یا راتوں رات امیر بننے کے خواب دیکھنے کی بجائے ایمانداری، دیانتداری اور فرض شناسی کو اپنائیں دن رات محنت کریں، اپنی زندگیوں کو دین، دنیا آخرت میں کامیابی کے لیے ایک مقصد حیات دینی تعلیم کے حصول اور دین کی تبلیغ پر لگائیں قرآن و حدیث کی طرف رجوع کریں۔ دنیا اور آخرت میں کامیابی و کامرانی ملے گی۔ اپنے کاموں کو اللہ کے حوالے کریں تمہارے دنیا کے سارے کام آسان ہو جائیں گے دینی تبلیغ سے محبت رکھنے والے پاکستانی محمد عظیم کا مزید کہنا ہے کہ پاکستانی بھائیوں کو پیغام ہے کہ وہ دین کو سمجھنے کی طرف سے توجہ دیں اپنی مادری زبان میں قرآن و حدیث کی تعلیم حاصل کریں اللہ تعالیٰ پر مکمل یقین اور بھروسہ رکھیں کیونکہ وہی رزق اور شہرت دینے والی ذات ہے ہم دنیا کو بہت اہمیت دیتے ہیں دین کو نہیں جبکہ ہمیں دنیا کا ہر کام دین کے اندر رہ کر کرنا چاہیے۔ اس کی مثال یوں ہے حدیث مبارک میں ہے آپ کے سمندر میں اندر انگلی ڈوبنے سے جتنا پانی لگے گا وہ زندگی ہے آخرت طویل زندگی ہے پورا سمندر ہے ہمارا اصل سفر آخرت ہے آخرت ہی اصل زندگی ہے تبلیغی جماعت دین کی تبلیغ کے لیے بہت اچھا کام کر رہی ہے یہ واحد جماعت ہے جو کسی قسم کا کوئی چندہ وغیرہ لیے بغیر دین اسلام کو پھیلانے کے لیے بہت بڑی خدمت کر رہی ہے بڑے بڑے ڈاکٹر، انجینئر، بزنس مین، زمیندار، کسان، مزدور، طالب علم، کنٹریکٹر، اور عام غریب لوگ بھی خود اپنی جان مال، وقت لگاتے ہیں جب انہیں دین کی سمجھ آجاتی ہے وہ قرآن و حدیث کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ محمد عظیم نے مزید کہا کہ دین کی تحقیق کرنا ضروری ہے۔ مذہبی تقلید جاہلیت ہے۔ اسلام میں تفرقہ بازی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ جب دین اور دنیا دونوں سنور جاتی ہیں زندگی میں ایک خوبصورت انقلاب آجاتا ہے جس طرح ڈاکٹر ذاکر نائیک بہت اچھے مذہبی سکالر ہیں ان کی دین کے لیے خدمات قابل تعریف ہیں۔

عجمان میں اپنے کاروبار کے بارے میں محمد عظیم کا کہنا ہے کہ عجمان بزنس کے لحاظ سے یو اے ای کی بہت پرکشش ریاست ہے یہاں کے ہر دلعزیز نیک دل حکمران شیخ حمید بن راشد النعیمی کی مدبرانہ پالیسی سے بہت ترقی ہو رہی ہے سرمایہ کاری بڑھ رہی ہے یہاں بزنس مینوں کو اپنے نام زمین خریدنے کی سہولت حاصل ہے عجمان کے لوگ بہت اچھے اور مہمان نواز ہیں انسانوں سے بہت محبت کرتے ہیں اپنی فیملی تقریبات میں بھی پاکستانیوں کو مدعو کرتے ہیں یہاں کا ماحول بہت اچھا ہے پاکستانیوں کو یہاں بہت عزت و احترام حاصل ہے۔ پاکستان قونصلیٹ دبئی کی کارکردگی کے بارے میں محمد عظیم نے کمیونٹی ویلفیئر قونصلر ڈاکٹر ریاض حسین لانگ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر ریاض بہت اچھے انتھک محنتی افسر ہیں کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں بہت کام کر رہے ہیں ہمارے ادارے میں انہوں نے دو تین وزٹ کئے ہیں۔ لوگوں کے مسائل حل کرانا ان کی بہت بڑی خوبی ہے۔ محمد عظیم نے انصار برنی ویلفیئر ٹرسٹ کے بارے میں تاثرات بتاتے ہوئے کہا کہ انصار برنی انسانی بھلائی کیلئے بہت اچھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اس طرح دبئی میں ایک محب وطن انسان دوست پاکستانی عبدالستار پردیسی سوشل سیکٹر میں بہت اچھے ویلفیئر کام جاری رکھے ہوئے ہیں ضرورت مندوں کی بھلائی کے لیے بے لوث کام کر رہے ہیں۔ محمد عظیم نے پاکستانی کمیونٹی سے اپیل کی کہ پاکستانیوں کو دل کھول انسانی خدمت اور دین کے کاموں میں خرچ کرنا چاہیے۔



# سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے: مقصود احمد لطیفی

## میں سعودی قونصل جنرل محمد عبداللہ عبدالدائم کو بہترین کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں

### مشہور و معروف، ہر دلعزیز کاروباری شخصیت، مقصود احمد لطیفی چیف ایگزیکٹو ٹرانس لاجسٹکس گروپ آف کمپنی کراچی کا خصوصی انٹرویو


ٹرانس لاجسٹکس بحری و ہوائی ذرائع سے کارگو اور مسافروں کو مختلف خدمات فراہم کرنیوالی کمپنیوں کا ایک کنسورشیم ہے۔ مقصود احمد لطیفی صاحب اس کے چیف ایگزیکٹو ہیں آپ نہایت ذہین' قابل' مستعد اور زندہ دل شخصیت کے مالک ہیں آپ اپنی بے پناہ تنظیمی صلاحیتوں کے بل بوتے پر اندرون و بیرون ملک ہمہ جہت خدمات فراہم کرنیوالی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے گروپ کو نہایت کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ ٹریولنگ' ایوی ایشن' ٹورازم کے شعبے میں نامور بین الاقوامی شہرت یافتہ' باصلاحیت شخصیت کا انٹرویو پیش خدمت ہے۔




سوال: مقصود لطیفی صاحب! آپ اپنے بارے میں کچھ ہمارے قارئین کو بتائیں۔

جواب: صدیق القادری صاحب انٹرویو کیلئے تشریف لانے کا شکریہ! ہم کراچی میں مقیم ہیں ویسے میری والدہ کا تعلق لاہور سے تھا۔ میں نے کراچی میں اپنی تعلیم مکمل کی اور پی آئی اے کو جوائن کر لیا۔ کنگ ٹریولز کے نام سے اپنا جی ایس اے کا کام سٹارٹ کیا۔ بی سی سی آئی بینک کا سارا کارگو کا کام میرے پاس تھا اس کے بعد جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا میں نے ٹرانس لاجسٹکس کے نام سے فریٹ فارورڈنگ کمپنی کی بنیاد رکھی اب میرا یہ کاروبار اندرون و بیرون ملک پھیلا ہوا ہے 600 سے زیادہ ملازمین میری گروپ آف کمپنیز میں کام کرتے ہیں۔

سوال: لطیفی صاحب! آپ ہمیں اپنی کمپنی کے بارے میں کچھ بتائیں۔



جواب: میں نے ٹرانس لاجسٹکس کمپنی 1987ء میں یونیورسل فریٹ سسٹم کمپنی کے تعاون سے قائم کی یونیورسل فریٹ سسٹم کمپنی اس وقت پاکستان میں فریٹ فارورڈنگ کی سب سے بڑی کمپنی تھی۔ ہماری ایسوسی ایشن ستمبر 2008ء تک تقریباً 20 سال سے زیادہ عرصہ چلی اس دوران ٹرانس لاجسٹکس کمپنی کے ساتھ کئی دوسری کمپنیوں نے جوائنٹ وینچر کر لیا جن میں مرحبا ایوی ایشن سروسز' فلائی فاسٹ سروسز' نائیوا ایوی ایشن سروسز' مرحبا فریٹرز اور مرحبا ایئر سروسز شامل ہیں۔ 2013ء میں فاسٹ ہولیڈے کمپنی بھی ٹرانس لاجسٹکس گروپ میں شامل ہوگئی جسے ملائیشیا میں لانچ کیا گیا یہ کمپنی اعلیٰ درجے کی داخلی سفری سہولیات بہم پہنچاتی ہے۔ ٹرانس لاجسٹکس گروپ ایک معروف گروپ بن کر ابھرا ہے جو دنیا کی بڑی بڑی ایئرلائنز کو سروس مہیا کرتا ہے ان میں اتحاد ایئر' گلف ایئر' ناس ایئر' یونائیٹڈ ایئرویز' کینیا ایئرویز اور ایتھوپین ایئرلائنز شامل ہیں۔ ہمارا گروپ پاکستان اور ملائیشیا میں ''ہوٹل پرو'' کمپنی کا بلاشرکت غیرے جی ایس اے نمائندہ بھی ہے۔

سوال: آپ نے بطور جنرل سیلز ایجنٹ اپنے کیریئر کا آغاز کب اور کیسے کیا۔

جواب: میں نے پی آئی اے سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ بعدازاں کارگو سروس کیلئے پاکستان میں گلف ایئر کا 22 سال تک جی ایس اے رہا۔ 30 سال سے میں ٹرانس لاجسٹکس گروپ کا وسیع نیٹ ورک بطور چیف ایگزیکٹو چلا رہا ہوں میں اکیلا آدمی ہوں جو بڑی کامیابی سے ہفتہ وار گلف کی 42 پروازوں کو پچھلے دس سال سے بھی زیادہ عرصہ سے ہینڈل کر رہا ہوں۔ کوئی ٹریول ایجنٹ اس طرح کے گلوبل جاب کو ہینڈل نہیں کر سکتا۔ میں تھائی لینڈ اور ملائیشیا کے ویزہ ڈراپ بکس بھی ہینڈل کرتا ہوں۔ اس طرح وزارت سیاحت اور پی آئی اے کے ڈراپ بکس کا انتظام بھی میرے پاس ہے تمام کارگو جہاز جو لاہور ایئرپورٹ پر لینڈ کرتے ہیں جن میں شاہین ایئر لائن' امریکی فلائٹس اور چارٹرڈ کارگو بھی شامل ہیں انہیں ہماری کمپنی ہی ہینڈل کرتی ہے۔

سوال: پی آئی اے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

جواب: پی آئی اے انتہائی لمبے روٹس پر فلائٹس چلا رہی ہے تو ملک کے اندر کارگو فلائٹس کیوں نہیں چلا سکتی جبکہ غیرملکی ایئرلائنز پاکستان میں کارگو سروس دے رہی ہیں اگر پی آئی اے کا ایم ڈی سیاسی بنیادوں کی بجائے میرٹ پر کام کرے تو صرف چھ ماہ کے اندر پی آئی اے اپنا خسارہ پورا کر سکتی ہے اور یہ ادارہ منافع بخش بن سکتا ہے۔ پاکستان ایوی ایشن میں بے شمار پیشہ ور ماہرین موجود ہیں جن میں آئی ایم اکبر' ارشد جلیل' یحییٰ پولانی اور ایئر مارشل نور خان کے نام نمایاں ہیں۔

سوال: لاجسٹکس گروپ آف کمپنیز کے حوالے سے مستقبل کے لیے آپ کے کیا پلان ہیں۔

جواب: اگر یہ ہمارا گروپ کوالٹی کے لحاظ سے ''زیرو ایرر'' فلاسفی پر یقین رکھتا ہے (باقی صفحہ نمبر 76 پر)

# اہم شخصیات یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کرتے ہوئے


ڈاکٹر ریاض حسین لائف کیوٹی ویلفیئر قونصلر دبئی یوتھ انٹرنیشنل میگزین کیساتھ


غلام مصطفیٰ مغل سینئر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) یو اے ای یوتھ انٹرنیشنل کے ہمراہ


دبئی کی ایک تقریب میں یوتھ انٹرنیشنل میگزین خواتین کے ہاتھوں میں


نامور بزنس مین سوشل پرسنیلٹی کیپٹن جگوندر سنگھ برار یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے


امتیاز خان نیازی ویلفیئر آفیسر پاکستان ایمبیسی ابوظہبی یوتھ انٹرنیشنل کیساتھ


پاکستان سوشل سنٹر کے لیگل سیکرٹری عبدالمجید مغل یوتھ انٹرنیشنل کے ہمراہ


متوال ووڈ ہیڈ کے چیف انجینئر بابو اقبال احمد یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے


مشہور و معروف سوشل شخصیت ڈاکٹر طلعت محمود بٹ صدر پاکستان ڈاکٹرز فورم یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے


سماجی شخصیت سردار محمد صدیق چیئرمین ضیاء صدیق فاؤنڈیشن یوتھ انٹرنیشنل کیساتھ


لاڈا گھر یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ہمراہ


نامور بزنس مین سیاسی و سماجی شخصیت سید سجاد حسین شاہ یوتھ انٹرنیشنل کے ہمراہ


سردار ہرجیت سنگھ سچر اور ڈاکٹر رویندر سنگھ یوتھ انٹرنیشنل کے ہمراہ


ابوظہبی میں مقیم نوجوان بزنس مین مسٹر شیخ یوتھ انٹرنیشنل کیساتھ


ابوظہبی میں مقیم محب وطن پاکستانی چوہدری اکرم یوتھ انٹرنیشنل کیساتھ


سردار رویندر سنگھ اپنے دوست کے ہمراہ یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے


دبئی کے نامور بزنس مین سردار یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کر رہے ہیں


ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کا سردار رویندر سنگھ اور اندر پال سنگھ کو یوتھ انٹرنیشنل کا شمارہ پیش کرنے کے بعد گروپ فوٹو



پاکستان مسلم لیگ ن پروفیشنل انجینئرنگ ونگ کی طرف سے تمام اہل وطن کو جشن آزادی مبارک
ہمیں اس پرمسرت موقع پر عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے وطن عزیز پاکستان کو عظیم سے عظیم تر بنانے کیلئے اپنی
تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور قائد پاکستان میاں محمد نواز شریف جرأت مندانہ قیادت میں
ملک کی ترقی' خوشحالی' سالمیت اور نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے
14 August
Silicon CPV (Pvt) Ltd.
(An ISO 9001:2008 Certified Concern)
FirstCompanyinManufacturing ofSolarPanelsinPakistan
MOBILE:0300-4327633 TEL:+92-51-2802462-3 FAX:+92-51-2802464
Islamabad Office: Office # 11, 3rd Floor Malik Copmlex (East) Jinnah Avenue, Blue Area Islamabad-44000, Pakistan Email:engr.azhar.sheikh@gmail.com
Lahore Office: 9 Km Badian Road (Phase 7 DHA) Lahore-Cantt Ph:042-37167446 Fax:042-35600897
Factory: Plot # 11-12, Hattar Industrial Estate Distt. Haripur KPK-Pakistan Ph:+92-995-617205
UK Office: Akhter Group Plc, Akhter House, Perry Road, Harlow Essex. Cm18 7PN, UK.Tel:+44-1279-821200 Fax:+44-1279-821300
WEB:WWW.SILICONCPV.COM
A Subsidiary of Akhter Group PLC UK
Engr.Azhar Iqbal Sheikh
Director Operations
Chartered Engineer (UK)
